نالۂ مشیر

یعنی

مجموعہ اولی اشعار احمد مشیر حسین قدوائی وارثی ہیر ایٹ لا

گدیہ - بارہ بنکی - اودھ

باہتمام عبد العلی خاں

مطبع جامعہ ملیہ علی گڈھ میں طبع ہوا

M.A.LIBRARY, A.M.U.

U2848

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

AZAD A.M.U. MAULANA

مقدمہ

RE-ACCESSIONED.

یہ دیوان یا مجموعۂ نظم تفریح دل کے لیے کشمیر میں مرتب ہوا۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ ایک نالہ تھا جو یادِ گل میں کشمیر کی جنوں خیز ہوا کے اثر سے بے ساختہ مشیر کے لب تک آگیا۔

اس لیے بطور مقدمہ میں وہ خط درج کرتا ہوں جو دوسری بار کشمیر جانے پر میں نے اپنے عزیز اسحاق علی صاحب کا کوروی معروف بہ ظفر الملک اڈیٹر الناظر کو لکھا تھا اور جو انھوں نے اپنے قیمتی رسالہ میں شایع کر دیا تھا۔

M.A. LIBRARY ALIGARH 2002

کشمیر کا حال وہاں کی آب و ہوا کا اثر جو میرے دل و دماغ پر ہوتا تھا۔ میری شاعری کی ابتدا کس طرح ہوئی۔ یہ سب اُس خط میں مفصل بیان ہو گیا ہے

جو چھ غزلیں اس خط کے ساتھ بھیجی گئی تھیں ان میں بعد کو میں نے حسب عادت ترمیم کی اور دیگر نظموں کے ساتھ اُستاد وقت نانا شیخ احمد علی قدوائی صاحب المتخلص بہ شوق نے اُن پر اصلاح بھی دی۔

وہ دیوان ہی میں اپنے موقع موقع سے درج ہوئی ہیں خط سے نکال ڈالی گئیں۔

ستمبر ۱۹۱۳ء میں سری نگر کشمیر میں ایک نظم غزل ہی کی طرح ردیف و قافیہ کے التزام سے تین سو اشعار سے زیادہ کی "فلسفۂ محبت" کے عنوان سے ہوئی تھی۔

مطلع یہ تھا:-

محبت محبت محبت تو کیا ہے محبت زدہ دل یہی پوچھتا ہے

ابھی اس نظم کے اُردو میں شایع ہونے کی نوبت تو نہیں آئی وقتِ فرصت علیحدہ شایع ہوگی لیکن اس کا انگریزی ترجمہ چھپ کر مختلف ملکوں میں پھیلا اور از حد مقبول ہوا۔ پہلا ایڈیشن ختم ہو چکا ہے میں نے اپنی انگریزی کی اور کتابوں کی طرح اس کو بھی چھپوا کر اشاعت اسلام وُوکنگ کو دے دیا تھا۔ وہاں سے دوسرے ایڈیشن کی فرمائشیں آرہی ہیں۔

میرے اس مجموعہ میں حُبِ اسلام حُبِ ملک حُبِ حریت کی جھلک کے ساتھ یہ بھی پایا جاوے گا کہ شاعری کے اصناف میں مجھے غزل بہت پسند ہے میں نے اس کے میدان کو وسعت دینے کی کوشش کی ہے پچاس پچاس بلکہ تین تین سو اشعار غزل کے رنگ میں ہونے کے علاوہ مسلسل مضمون کی بھی غزلیں ہیں کشمیر کا حال۔ حریت۔ ہند۔ سچ جُسن۔ ہمت تلوار۔

قلم وغیرہ کے گیت غزل ہی کے رنگ میں گائے گئے ہیں۔

غزل سے میں نے عاشقانہ رنگ بے شک خارج نہیں کیا گل و بلبل کے لیے ہماری شاعری بدنام تھی مگر

"ما نمی خواہیم ننگ و نام را"

میں نے التزاماً ہر ایک غزل میں حتیٰ کہ عرض حال بحضور سرور کائنات تک میں گل کا لفظ استعمال کیا ہے۔

میں شاعری کے موضوع ہی کا لطیف و نازک ہونا پسند کرتا ہوں اور غالب کے اس بیان کا قائل ہوں۔

مقصد ہے ناز و غمزہ۔ ولے گفتگو میں کام
چلتا نہیں ہے دشنہ و خنجر کہے بغیر
ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادۂ و ساغر کہے بغیر

یہی راز ہے کہ آج دنیا میں کسی دوسرے شاعر کا کلام روح انسان میں وہ کیفیت وجدانی نہیں پیدا کرتا جو حافظؒ کا کلام پیدا کرتا ہے۔ باوجودیکہ "گل و بلبل" "ساقی و شراب" سے وہ بھرا ہوا ہے۔ حافظؒ نے ہر مضمون کو نہایت لطیف اسلوب اور دل نشین الفاظ میں ادا کیا ہے اور دوسرے کے دل کو اپنے جذبات سے ہم آہنگ بنا دیا ہے۔ یہی کمال شاعری ہے اور یہی کمال مشرقی شاعری کو مغربی شاعری پر فوقیت دیتا ہے ہماری شاعری میں نہ صرف خیالات کی بہت بلند پروازی ہوتی ہے۔ بلکہ کوشش اس بات کی کی جاتی ہے کہ اپنے قلب کے احساسات تک دوسرے پر منتقل ہو جاویں۔ مثلاً کوئی شخص سیاہی میں بجلی کی چمک دیکھتا ہے اور اس سے محظوظ ہوتا ہے اگر وہ مغربی شاعر ہے تو وہ الفاظ میں اس سین (Scene) کا

من وعن نقشہ کھینچنے پر قناعت کرے گا کہ دوسرے کے سامنے جس حد تک ممکن ہو وہ منظر پیش ہو جائے۔

لیکن اگر وہ ایک مشرقی شاعر ہو تو وہ صرف نقشہ کشی پر قناعت نہ کرے گا بلکہ اس بات کی کوشش کرے گا کہ دوسرے پر بھی وہی کیفیت حظ و سرور کی طاری ہو جو خود شاعر پر ہوئی اور کہے گا۔

ابر میں کوندتی تھی یوں بجلی　　مسی آلود لب پہ جیسے ہنسی

"سیر کشمیر" کی نثر میں میں نے یہی کوشش کی ہے اور اس حد تک کامیاب ہوا کہ مشہور نقاد سخن حامد علی خاں صاحب مرحوم نے اسے پڑھ کر مجھے فوراً یہ تار کشمیر بھیجا تھا کہ مضمون خود کشمیر کی طرح دلفریب ہے۔

جس کو اُردو کی مسلسل نظم میں اس قسم کے کمال کو دیکھنا ہو وہ شیخ احمد علی قدوائی صاحب شوق کے "عالم خیال" کو دیکھیے۔

میری کل کشمیر کی شاعری میں پارۂ دل شرافت سلمہ کو بہت دلچسپی رہی جو مع عزیزہ دل منجھلی بھاوج صاحبہ کے میرے ساتھ ساتھ ہر جگہ کشمیر کی سیر میں رہیں اور مناظر سے لطف اندوز ہوتی رہیں۔ اصل میں اپنے جان و دل کو محبوب اعزا کی ہم صحبتی سے کشمیر کی سیر کا لطف دوبالا رہا۔ اپنی بچی شرافت سلمہا کے نام میں اس مجموعہ کو معنون کرتا ہوں۔

مشیر حسین قدوائی مشیر
(گدیہ۔ بارہ بنکی)

از۔ ایچ ہل۔ نینی تال

۹ ستمبر ۱۹۲۲ء

کشمیر

اڈیٹر صاحب الناظر آپ کی فرمائشات مضمون نویسی کو ٹال کر میں اس باغ جنت نظیر یعنی خطۂ کشمیر پہنچا میں سال گزشتہ ولایت جانے کے قبل بھی یہاں ہو گیا تھا۔ جب تک میں نے اس حصہ ملک کو نہیں دیکھا تھا۔ میں اس قدر وطن پرست نہ تھا۔ ہندوستان سے الفت مجھے اس کو دیکھ کر زیادہ ہوئی اور مجھ سے زیادہ میرے بچوں کو جنھیں ولایت لے جانے سے قبل میں یہاں لایا تھا۔ اب وہ انگلستان میں برابر کشمیر کی مدح سرائی کیا کرتے ہیں اور ہندوستان کی بڑائی۔

کشمیر کی توصیف میں میرا قلم عاجز ہے۔ یہاں آکر بھی اگر کسی انسان میں فطرت پرستی کا ذوق نہ پیدا ہو تو اُسے بے روح

سمجھنا چاہیے۔ فطرت کی ہر چیز یہاں دِل رُبا ہی۔ پہاڑ سی بھیانک چیز یہاں پری نظر آتی ہی۔ اور پری بھی ایسی جو سبز پیشواز (جس میں چوڑا چکیلا پٹھا لگا ہو) پہنے فرط نشاط سے رقص کرنے کو موجود ہو۔ دور سے دیودار اور چیر کے درخت اُس پیشواز کی ایک خاص دلفریب انداز کی چنٹ معلوم ہوتے ہیں۔ الغرض یہاں کے پہاڑوں میں بھی جادو ہی،

دریا ہر جگہ دیکھے اور تو اور خود جھیلم ہی بہہ کر میدانوں میں گیا ہی۔ مگر وہاں یہ بھی ایک میلا اور کاواک سا دریا ہی۔ برخلاف اس کے وہی جھیلم کشمیر کے راستہ کی سینری کی نصف جان ہی۔ وہ اس کی اٹھکھیلیوں کے ساتھ روانی۔ وہ اُس کا معشوق کی کمر کی طرح بل کھانا۔ وہ اس کی موجوں کا پتھروں سے ٹکرا کر خوش گوار آوازیں پیدا کرنا اور دل میں قریب قریب ویسا ہی سرور لانا جیسا کہ پیانو

(Piano) کے سفید پردوں پر کسی لعبت فرنگ کی انگلیوں کے پڑنے سے اکثر پیدا ہوتا ہے۔ وہ اُس کا جگہ جگہ پر رنگ بدلنا کبھی کف سے سفید کہیں سبزے کے عکس سے سبز۔ کہیں دور کہیں نزدیک۔ کہیں پھیلتے ہوئے آہستہ ہونا کہیں زور شور سے چلنا الغرض کشمیر کی سرحد شروع ہوتے ہی اس دریا میں ایک کیفیت خاص پیدا ہوتی ہے۔ نشہ سا چڑھ جاتا ہے۔ اور متوالا انداز جھلکنے لگتا ہے۔

سڑکیں ہمارے لکھنؤ میں بھی ہیں۔ بی گومتی کے پاس پاس بھی بٹلر[1] صاحب کی خوش مذاقی سے سڑک بنائی گئی ہے۔ بڑے بڑے پارکوں کے پاس سے سڑکیں

---

[1] آنریبل مسٹر ایس ایچ بٹلر جو آج کل گورنمنٹ آف انڈیا کے صیغہ تعلیمات کے ممبر ہیں لکھنؤ میں ڈپٹی کمشنر تھے اُن کو اس شہر سے خاص اُنس ہے اور اُنھوں نے اپنے زمانہ میں شہر کی آراستگی اور خوشنمائی کے لیے بڑی کوشش کی چنانچہ یہاں کی میونسپلٹی کو جو راہ اُنھوں نے دکھا دی تھی اُس کو اُس نے ہنوز نہیں چھوڑا ہے۔ اور اگر ممبران میونسپل بورڈ کے تعصبات اور رجحانات سے قطع نظر کر لیا جائے تو بلاشبہ بہت کچھ شہر کی درستی ہو گئی ہے۔ اسی کی طرف لائق مضمون نگار نے اشارہ کیا ہے (اڈیٹر الناظر)

نکالی گئی ہیں۔ اور خدا بھلا کرے لکھنؤ کے ڈسٹرکٹ اور میونسپل بورڈ کے بد دماغ ممبروں کا کہ اُن حضرات نے اپنی جدّت پسند مگر تکلیف رساں طبیعت سے پتھر کی سڑکیں بھی شہر میں دوڑائی ہیں۔ مگر وہ اکیلی سڑک جو یہیں کے پتھروں کو پاش پاش کر کے بنائی گئی ہے۔ کوہالے سے سری نگر تک بے نظیر لطف دکھاتی ہے۔ دن کو دیکھو یا چاندنی رات میں اس سڑک کا منظر اور اس سڑک کا روپ ہی کچھ اور ہے۔ مجھے تو نہیں معلوم کہ دُنیا میں کہیں اور اس طرح انداز و ادا سے اونچی اور نیچی۔ ڈھلواں اور برابر۔ چوڑی اور پتلی ہوتی ہوئی کوئی دوسری سڑک ایک چنچل دریا کے ساتھ ساتھ سیکڑوں میل تک قریب قریب مسلسل دوڑی ہو۔

میں نے ایک اور دریا پر بھی اس سے پہلے دل دیا تھا یعنی ملک ہنگری (Hungary) کے

شہر بودھاپسٹ (Budapest) کے دریا ڈینوب (Danube) پر مجھے وہاں اس دریا کی شاہانہ رفتار شاہانہ انداز بہت بھلا معلوم ہوا تھا۔ مگر اس کا یہ انداز اور یہ رفتار حسن جوانی سے بھی کم دیرپا تھا۔ برخلاف اُس کے اِس راہ کشمیر کے دریا کی خوبی و حُسن کا لطف سیکڑوں میل تک برابر اُٹھایا جا سکتا ہے۔ سڑک اور دریا پچاسوں کوس تک ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ دریا دور ہو جاتا ہے مگر سڑک پر چلنے والوں کی نگاہوں سے اوجھل بہت کم ہوتا ہے۔ یہ سڑک ملاے اعلیٰ تک پہنچنے کی کہکشاں اگر نہ بھی ہو (میرے خیال میں تو ہے) تب بھی اس میں تو شک نہیں کہ یہ باغ جنت کی راہ تو ضرور ہے۔

اس باغِ جنت کی راہ کی سینری کا حال قلم کیا لکھے دِل ہی کچھ اس کے مزے سے آشنا ہے۔ سینری بھی

میں نے فرانس اور انگلستان قسطنطنیہ اور بروسا کی دیکھی اور اس مقام کے مناظر بھی دیکھے ہیں جس پر سارے یورپ کو ناز ہے یعنی سوئیٹزرلینڈ (Switzerland) کے۔ مگر کجا ملک کشمیر اور کجا ذرا سا مقام سوئیٹزرلینڈ کہاں یہ فطرتی منظر کے تمام و کمال حسن کا ایک نظر میں مشاہدہ ہو جانا۔ اور کہاں اُن مناظر کا الگ الگ جد و کاوش سے ڈھونڈھ نکالنا۔

میں نے کشمیر کے مقامات ابھی بہت کم دیکھے ہیں مگر میں تو دنیا کے کسی خوش منظر سے خوش منظر مقام کے مقابلہ میں صرف راہ سری نگر کے بے مثال منظر کو پیش کرنے کے لیے تیار ہوں۔ میری آنکھوں میں تو اسی راہ میں سب کچھ موجود ہے۔ اگر کسی کا دل حسن پرست اور چشم خوش منظر ہو تو میرے ساتھ آئے میں اپنے دعوی کو

سچّا کر دکھاؤنگا۔

ینگ ہسبینڈ[1] نے جو یہاں کسی وقت رزیڈنٹ تھے ایک ضخیم کتاب کشمیر کے متعلق لکھی ہے ایک مقام پر اُنھوں نے ایک دلفریب صوفیانہ بات لکھدی ہے وہ لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ بارہ سنگھ کے شکار کے لیئے وہ بہت سے شکاریوں کے ساتھ پہاڑوں پر گئے۔ باوجود پہاڑوں پر بہت اونچے چلے جانے کے بارہ سنگھ تو نہیں ملا مگر اُنھوں نے اوپر ایسا خوش آئند منظر دیکھا کہ روح پھڑک اُٹھی۔ لیکن اُنھوں نے اس منظر کا اثر نہ اپنے ساتھ کے شکاریوں میں پایا نہ گھوڑوں پر اور نہ اُڑتی چڑیوں پر۔ اس کا انھیں تعجب ہوا۔ اور اُسی حالت استعجاب میں

---

[1] سر فرانسس ینگ ہسبینڈ جنھوں نے لارڈ کرزن کے زمانہ میں مہم تبت میں خاص شہرت حاصل کی تھی وہ اب صوبہ سرحدی کے لفٹنٹ گورنر ہیں (اڈیٹر الناظر)

اُن پر یہ بات منکشف ہوئی کہ بینائی کے لیے صرف یہ آنکھیں کافی نہیں ہیں بلکہ روح کی مدد کی ضرورت رہتی ہے اسی وقت چیزوں کے اصلی اور صحیح حسن و قبح کا ادراک ہوتا ہے۔

ایک اور مقام پر سابق رزیڈنٹ نے لکھا ہے کہ ایک اُن کے انڈیا آفس[1] کے دوست دس روز کے لیے کشمیر کی سیر کو آئے اتفاق سے آٹھ روز تک برابر پانی برستا رہا۔ میزبان اور مہمان دونوں حالت افسوس میں تھے کہ نہ کچھ دکھایا جاسکا نہ کہیں آنا جانا ہوا آخر ایک دن خوش قسمتی سے پانی کھل گیا اُس روز شفق کا منظر ایسا بھلا تھا کہ مہمان نے کہا کہ وہ محض اسی ایک نظارہ کے دیکھنے کے لیے تمام مسافت اور تکلیف خوشی سے برداشت کر سکتے تھے۔

---

[1] وزیر ہند کا دفتر بمقام لندن۔

کشمیر میں گو چشم ظاہر بیں کے لیے بھی ایسا سامان ہے کہ دل پھڑک اُٹھے مگر جس میں روح سے کام لینے کی بھی قوت ہو وہ پہلے جوش میں تو فطرت پرست بن جائے گا مگر پھر مضبوط خدا پرست ہو جائے گا۔ یہاں بلاشبہ

ہر گیاہے کہ از زمیں روید وحدہٗ لاشریک لہٗ گوید

یہاں کا سبزہ واقعی فرش مخمل سا ملایم ہے۔ جو چاہے ہمارے کروکے[1] کے لان[2] پر آکر اس کی تصدیق کر لے۔ فارگٹ می ناٹ (Forget-me-not) کے سے نازک پھول یہاں خود رو جمتے ہیں اور یہاں کی زبان میں بیچارے جنگلی پھول کہلاتے ہیں جس کو فطرت کے بچھائے ہوئے رنگین قالین دیکھنا ہوں وہ گلمرگ جا کر آئل پتھری پہونچے

[1] کروکے (Croquet) ایک انگریزی کھیل کا نام ہے۔

[2] ناہموار سبزہ جس مقام پر قینچی سے درست کیا جاتا ہو اس جگہ کو لان (Lawn) کہتے ہیں آج کل کے اکثر کھیل اسی قسم کے مقامات پر کھیلے جاتے ہیں۔ (اڈیٹر الناظر)

راستہ میں وہ فارس کے بہترین قالینوں کے نمونے دیکھ لے گا اور اپنے جسم میں بھی خون کا یہ زور پائے گا کہ خود بینی کا شوق آئنہ میں سرخ سرخ گال دیکھنے سے پیدا ہو جائے تو کچھ تعجب نہیں۔

اجی کیا کہیں اُس ظلم و بدعت کو جس کے ہم یہاں مرتکب ہوئے ہیں۔ نازک حسین، دلربا پھولوں کو اپنے بھدّے پاؤں سے روندا ہے۔ اور غضب پر غضب یہ کہ گھوڑوں کے سموں کے نیچے کچلا ہے۔ کبھی کسی خونی اور خودسر بادشاہ نے بھی اس قدر ظلم نہ کیا ہوگا ایسی قیمتی جانیں اس سفّاکی و بے رحمی سے کسی نے نہ لی ہونگی۔ جس طرح ہم نے یہاں بے گناہ پھولوں اور نازک و نازنین گھاسوں کی جانیں لی ہیں۔ جن کو ہم اگر قدر شناس ہوتے تو اپنی آنکھوں میں جگہ دیتے۔ اپنے کوٹ کے کاجوں میں لگاتے یا کسی معشوق کو نذر کر کے اُس کے سینے سے لگے ہوئے دیکھتے۔ اگر خود ان پھولوں اور پتیوں کی خود فراموشی جس کو انگریزی قانون

کی اصلاح میں کانٹری بیوٹری نگلیجنس[1] Contributory negligence
کہتے ہیں ہمارے بچاؤ کی پرزور دلیل نہ ہوتی تو بلاشبہ اپنی
غارت گری کے باعث ہم قتل کے قابل ٹھہرتے۔ ہم مجبور رکھے
اس لیے معذور۔ یہ نازک پھول خود ہی ہماری راہ گھیر لیتے تھے
جس طرف چلو وہ قدموں کے نیچے۔ یہ حسن اور اس پر یہ انکسار
اے حسین انسانی معشوقو! سبق لو۔ وہ تمام پھولوں کا تاجدار
گل گلاب بھی یہاں کثرت سے خودرو جمتا ہے۔ کوئی انسان
اس کو قدموں کے نیچے لانے کی جرأت تو کر ہی نہیں سکتا
اس کا رعب حسن۔ اس کے گرد کے کانٹوں کی سنگینیں اس میں مانع
ہیں لیکن یہاں اس کی جھاڑیاں کھیتوں کے گرد لگی ہیں نے
خود دیکھی ہیں۔ افراط سے گلاب کے پھول ہوتے ہیں۔ کیسے
خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اس قدر گلاب (Roses) رکھتے

[1] غفلت تائید

ہیں۔ اور کیسا بدقسمت ہو وہ جو ایک گلاب (Rose) کو بھی ترستا ہو
یہاں کے نمو اور جوش کی حالت کیا بیان ہو جب تک
ہم یہاں نہیں آئے عرفی کے اس شعر کو مبالغہ سمجھتے تھے۔

ہر سوختہ جانے کہ بہ کشمیر در آید گر مرغ کباب ست بروبال پر آید

ہم نے دیکھا کہ خشک ٹہنیاں جو انگریزی پھلیوں سویٹ پیز
(Sweet Peas) کے چڑھانے کے لیے باغ میں لگائی گئی تھیں
درخت ہو گئیں۔ سیب کے درخت کے ایک سال قلم لگائے
دوسری فصل میں اُنھوں نے پھل دیا۔ پانی کی سطح پر تھوڑی مٹی اور
گھاس پھوس ڈال کر دھان بو دیا کھیت تیار ہو گیا۔ سُنتے ہیں کہ
ویسرائے کے کیمپ کی بعض بیخیں نمو کے جوش سے درخت
ہو گئیں۔ اور یہ تو ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ حد بندی کے
جعفری کے ستون میں پتیاں نکل آئیں۔ اور تو اور ہم اپنے جوش
کی مثال پیش کرتے ہیں۔

چند روز کا عرصہ ہوا کہ ہم صرف دو روز گلمرگ اور آئل پتھری میں گذار کر رمضان کے باعث جلد سری نگر واپس آ رہے تھے۔ گلمرگ سے اُتر کر نیچے کی وادی کے منظر نے مست کر دیا۔ پہاڑ پر سے نیچے کا منظر آنکھوں میں کھپ گیا۔ ایک صاف صاف چشمہ سیاہی مائل گہرے سبز سبز پہاڑوں کے دامن میں پتلے پتلے نالے کھیتوں کے درمیان جگہ جگہ خوشنما درخت معلوم ہوتا تھا کہ کسی خوش مذاق انسان نے کروڑوں روپیہ صرف کر کے میلوں کی وسعت کا ایسا دل فریب باغ آراستہ کیا ہے۔ روشیں بنائی ہیں۔ نہریں نکالی ہیں۔ درخت نصب کیے ہیں سبزہ اُگایا ہے القصہ اس نظارہ سے طبیعت کو ایک خاص حرکت ہوئی۔ لینڈو پر بیٹھے۔ یہ منظر دور تک دیکھتے چلے گئے۔ ہاتھ میں رضا علی صاحب وحشت کا دیوان[1] تھا جس سے غالب کی یاد آئی

[1] دیوان وحشت دفتر الناظر سے عہ میں مل سکتا ہے (اڈیٹر الناظر)

تھی ہم کو بچپنے سے حافظؒ اور غالب کا سودا ہی۔ حافظؒ کا تو اس قدر کہ اکثر یہ ہوس ہوئی ہی کہ اب رکن آباد ہو گلگشت مصلے ہو اور دیوان حافظ بس پھر ہم راحت قلب کے لیے کسی دوسری شے کے محتاج نہ رہیں وحشت کے دیوان کے اشعار۔ وادیِ تنگ مرگ کا نظارہ۔ دل میں اُمنگ نتیجہ یہ ہوا کہ گو ہم کو کبھی شاعر ہونے کا دعوے نہ تھا نہ اب ہی۔ مگر ہم نے اپنے ایک ساتھی[1] سے کہا کہ اس دیوان سے کوئی مصرع طرح دو تو غزل کہیں۔ انھوں نے کسی قدر تعجب سے اپنی پسند کا یہ مصرع دیا۔

یہ اقتضائے رسم مروّت ہی کیا کروں

ہم بقسم کہتے ہیں کہ ہم کو نہ تقطیع کرنا آتی ہی نہ بحروں پر عبور ہی پھر بھی کوئی آدھے ہی گھنٹہ میں ایک غزل[2] تیار ہو گئی جو بحر اور تقطیع میں

[1] عزیزی مشتاق احمد سلمہٗ

[2] بعد کو جو ردوبدل ہوا ہی اس کے ساتھ سب غزلیں اپنی اپنی ردیف میں ملیں گی۔

چاہے ناقص ہو۔ جوش قلب کو تو ضرور ظاہر کرتی ہے۔ اس پر بھی طبع موزوں کا شوق پورا نہ ہوا دوسرے مصرع طرح کی فرمائش کی اور پھر برجستہ دوسری غزل ہوئی۔ اب کیا تھا چسکا پڑ گیا۔ روزے گذارنے کا مشغلہ ہاتھ آیا صبح اور کبھی سہ پہر کو دو تین روز یہی ہوتا رہا کہ ہم مصرع طرح کی فرمائش کرتے اور اُسی پر غزل تیار کرتے

اِس خطۂ عالم کی مٹی تک فیاض ہے پھلوں کی تو یہ کثرت کہ سیب بکری۔ بھیڑ اور گھوڑوں کو خود ہمارے یہاں کھلائے جاتے ہیں۔ دور اندیش فرماں روائے ملک نے یہاں کا غلہ باہر جانے کی ممانعت کر دی ہے۔ اس کی وجہ سے یہاں اناج خوب سستا رہتا ہے۔ یہاں کی آراضی میں یہ قوت ہے کہ جو چاہو پیدا کر لو۔ جناب بھائی صاحب مشیر مال ریاست نے لکھنؤ کے خربوزہ کا بھی تخم جمایا ہے۔ یورپ کے پھل یہاں آسانی سے پیدا کیے گئے ہیں۔ ایک قسم کی امریکہ کی تمباکو بھی بوئی گئی۔

جن لوگوں کو شکار کا شوق ہو ان کو بھی لطف رہتا ہے (trout) ٹراوٹ مچھلی کے شکار میں بھی مزا ہے۔ حالانکہ میں نہیں جانتا کہ جان لینے میں کیا لطف اور کیا مزہ خاص ہو سکتا ہے۔ مرغیاں دو دو آنے ملتی ہیں جس قدر چاہو کھاؤ۔ الغرض پیٹ کی ماریاں نہ حریص خوش خور انسان کو ہے نہ بیچارے بے زبان جانوروں کو اوّل الذکر اگر چاہیں تو فرانس کی لطیف ناشپاتیوں اور مسقط کے شیریں انگوروں ہی سے پیٹ بھر لیا کریں۔

آخر الذکر خود رو لی (lily) اور نازک فارگٹ می ناٹ (Forget-me-not) پر زندگی گذار سکتے ہیں۔

بیچارے غریب قانع لوگ چاول۔ جنگلی پھلوں اور دودھ انڈوں پر بہ آسانی و بلا زحمت بسر اوقات کر سکتے ہیں۔

مجھے اکثر صرف ایک دو گھر فلک فرسا پہاڑ پر دیکھ کر تعجب ہوا اور وہاں رات کو اکیلی روشنی پر حیرت معلوم ہوئی لیکن اگر سچ کہہ دینا

ضروری ہے تو یہ کہے بغیر چارہ نہیں کہ مجھے اُس مکان اور اُس روشنی کو دیکھ کر رشک بھی ہوا کیسے مزے میں ہوں گے وہ لوگ جو دنیا کے آلام سے دامن بچا کر اپنے چوپاؤں کے ساتھ ایسے دور اور کوراہہ مقام پر جا کر آباد ہو گئے ہیں اور فطرت کے مناظر سے ہم صحبت رہتے ہیں فطرتی چشموں کا پانی پیتے ہیں خودرو پھلوں پر یا بہ آسانی پیدا کی ہوئی ایک لمبی گھاس (شالی) کے تخم پر بے غل وغش زندگی بسر کرتے ہیں۔ اور کچھ فوقیت اُن کو ہم پر ہو یا نہ ہو مگر اس میں تو کسی حق گو کو شک نہیں ہو سکتا کہ اُن کی جگہ ہم سے ضرور بلند اور بہت بلند ہے۔ ہم زمین پر ہیں تو وہ آسمان پر۔ ہم یہاں فرضی و خیالی تہذیب کے کھڑاگ میں ضروریات زندگی کو بڑھاتے چلے جاتے ہیں اور اُسی کے ساتھ کوفت اور ہوس سے دل کو بے چین رکھتے ہیں۔ آنکھوں۔ ہاتھوں اور تمام اعضا کو کمزور اور راحت طلب بناتے ہیں۔ کشمیر میں رہ کر ہمیں یہ سودا ہے کہ برقی روشنی ہو۔ حالانکہ ہم معمولی ہی

روشنی کے عکس کو جھیلم میں دیکھ کر انوکھی آتش بازی کا لطف اُٹھاتے ہیں اور نئے چاند کے پرتو پر دل ہی نثار ہوتا ہے۔

جس طرح کھانے کا یہاں آرام ہے اوسی طرح رہنے کا بھی۔ چاہے پانی پر ہاوس بوٹ[1] (House boat) میں رہو۔ چاہے زمین پر پُرلطف مکانات میں۔ چاہے پہاڑ پر۔ آج کل گرمی پسند ہو سری نگر حاضر ہے۔ خوش گوار سردی کی خواہش ہو چند گھنٹوں کی راہ پر گلمرگ موجود ہے سب سے زیادہ لطف ہاوس بوٹ پر آتا ہے۔

ہاوس بوٹ میں مکانیت اچھی خاصی ہوتی ہے۔ اور ہر طرح کا آرام رہتا ہے معلوم نہیں کسی منچلے نے بی گومتی کی سطح کو ہاوس بوٹ سے زینت دینے کا خیال کیوں نہ کیا۔ لکھنؤ کے لوگوں میں لاکھ نقائص ہوں مگر مذاق میں نفاست اور طبیعت میں رسائی تو وہ

[1] مکان ناکشتیاں اس طرح کی بنی ہوئی ہوتی ہیں کہ چھوٹے سے مکان کا کام دیتی ہیں۔

ضرور رکھتے ہیں۔

اکتوبر نومبر یا فروری مارچ میں ہاؤس بوٹ میں گومتی پر بھی کچھ نہ کچھ لطف آ ہی جاوے۔ طاعون سے شاید ہی ظلت الگ رہے گو کشمیر کا مقابلہ ہونا تو محال ہے۔ یہاں سماں ہی کچھ اور ہے۔ جس طرح زمین بدلی ہے۔ اس طرح آسمان بھی بدلا ہو تو کچھ تعجب نہیں۔

یہاں مصنوعات انسانی میں جو شخص شالامار اور نشاط باغ دیکھے وہ مغلیہ مذاق اور نفاست پسندی پر احسنت کہنے کے لیے مجبور ہوگا۔ ہزار صعوبتِ راہ برداشت کر کے دور دراز مقامات سے کشمیر سال بہ سال آنا ہی ان مرحومین کی تازگی روح کا پتہ دیتا ہے پھر یہاں ایسے نفیس دل آویز باغات کا لگانا اُن کی خوش مذاقی کو اور چمکاتا ہے۔ قدرت کی کاریگری سے ایسی لطیف سازش پر دل عش عش کرتا ہے۔ پہاڑی صاف سفید چشموں سے اُنھوں نے

نازک اور لطیف کام لیے ہیں۔

افسوس کہ زمانہ کی گردش ان پیاری یادگاروں پر بھی دست درازیاں کر رہی ہے۔ کاش جہاں کروروں روپیہ بجلی کے بے مصرف کارخانہ میں لگایا گیا ہے جہاں لاکھوں روپیہ جھیلم کو بعض جگہ گہرا کرنے میں سال بسال محض اتفاقی طغیانی کے خیال سے صرف ہوتا ہے وہاں دس پانچ ہزار ان لاجواب باغوں کی درستی میں صرف کیا جاتا جس سے روزانہ لوگوں کی روح کی پرورش ہو سکتی تھی۔ اور ایک ایسے زمانہ کی یاد بھی تازہ رہ سکتی تھی جس پر تاریخ عالم کو ناز ہونا چاہیے۔

شہر سری نگر کے ہر مقام سے دکھائی دیتی ہوئی ایک بلند پہاڑی ہے جس کو تخت سلیمان کہتے ہیں اس کی چوٹی پر سے جہاں ایک مندر بنا ہوا ہے جھیلم اور وادی سری نگر کا نظارہ دُنیا کے خوش آیند ترین نظاروں میں ہے۔ معلوم نہیں وہ مقام تخت سلیمان کیوں کہلاتا ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ وہاں کا مندر

اہل ہنود کی فطرت پرستی کا پیارا نمونہ ہے۔

اُس زمانہ کے مصنوعات جس کو ہم اپنے زعم باطل سے نیم وحشت کا زمانہ کہتے ہیں شالامار اور نشاط باغ ہیں۔ اس "مہذب" اور ترقی "یافتہ" زمانہ کے مصنوعات کا نمونہ شہر سری نگر ہے۔ اس سے زیادہ اس جنت نظیر ملک پر ظلم ہو نہیں سکتا تھا کہ یہ شہر اس طرح گندہ رکھا جاوے اور اس بے ڈھنگے طریقہ سے آباد کیا جاوے۔

برقی روشنی یا طغیانی سے حفاظت کے سامان کوئی بھی اس بد مذاقی۔ اس بدانتظامی کی تلافی نہیں کر سکتے۔

ہیضہ سیکڑوں جانیں بیچارے غریبوں کی لے جائے بلا سے۔ مگر اہل دولت ٹھنڈی روشنی میں ضرور رہیں۔ اور ریاست پر کروروں کا بار بیکار ضرور پڑ جاوے۔ افسوس!!

میری سمجھ میں ایک بات اور نہیں آتی کہ دفتر دربار گرمیوں میں سری نگر آتے ہی کیوں ہیں گلمرگ کیوں نہیں جاتے گلمرگ کی

لطیف ہوا کام میں لانے کے قابل ہی۔ ہندوستانی اپنی شامت سے فائدہ نہیں اُٹھاتے دور دور کے یورپین آکر آباد ہوتے ہیں!!

عبرت۔ عبرت۔ عبرت!!!

موجودہ پرائیویٹ[1] سکریٹری کی خوش مذاقی سے دو ایک فن لطیف۔ موسیقی کے اُستاد بھی آج کل یہاں آگئے ہیں۔ اصل تو یوں ہی کہ یہاں کے پہاڑوں کو جنبش دینے کے لیے وہ لکھنؤ کا اُستاد چاہیے تھا جس کو مُنّے خاں کہتے ہیں۔ مگر ایک جھالا ستار بجانے والے کے پرجوش راگ اور دوسرے نہایت سُریلی اور دل نشین ادا سے بینا بجانے والے کی موشگافیاں یہاں کے لطیف سماں سے ہمساز ہو جاتی ہیں۔

ریاست کشمیر کی آبادی کہتے ہیں پچانوے فی صدی مسلمانوں کی ہی۔ مگر افسوس اور صد ہزار افسوس کہ یہ مسلمان ایسے جاہل کثیف

[1] دیوان بدری ناتھ

قبر پرست۔ دروغ گو، دزد، بزدل ہیں کہ اسلام کو ان سے عار ہوگا۔ ان کو مسلمان بنانا مسلمانوں کا فرض اولین ہونا چاہیے۔ مگر ان کو ہندوؤں اور آریہ سماجوں کے مقابلہ و مجادلہ سے کب فرصت۔

کشمیر کے مہاراج میں سر دین کشمیر کی فیاضی کا اثر مکمل طور سے ہو اگر ان کے ہم صحبت اور مشیر اچھے ہوں تو وہ اس ملک کے بہترین بادشاہ ہوں۔

سری نگر
یکم اکتوبر ۱۹۱۱ء

مشیر حسین قدوائی
(بیرسٹر ایٹ لا)

گل نشاط و رُبا و جاں فزا ، بوئے خوش در بوستاں یاب ذوق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کشمیر تنگ مرگ ۲۶ اگست ۱۹۱۱ء

ردیف الف

(۱)

ترا پر تو بھی تیرا سا خدایا ہو نہیں سکتا[۱] یہ سر آگے بتوں کے خم ہوا ایسا نہیں سکتا

یہ دل ای مصطفےٰ غیروں پہ شیدا ہو نہیں سکتا مقابل خلق[۲] میں کوئی تمھارا ہو نہیں سکتا

نگہ سے قتل کر کے جان تازہ بخش کر لب سے کہا ایسا کسی سے بھی تماشا ہو نہیں سکتا

[۱] چونکہ یہ مطلع حمدیہ مطلع دیوان ہونے کے لیے زیادہ موزوں تھا اور دوسرا مطلع نعتیہ مطلع ثانی ہونے کے مناسب اس لیے پہلے جو مطلع کہا گیا تھا وہ ۲۵ جون ۱۹۱۱ء کو جو غزل اسی طرح میں ہوئی اس کو دیدیا گیا۔

[۲] اشارہ ارشاد ربانی (انک لعلی خلق عظیم)

ہزاروں پھول اس باغِ جہاں میں روز کھلتے ہیں
مگر اے گل مقابل کوئی تیرا ہو نہیں سکتا

تمھارا حسن میرا شوق دونوں پردہ در ٹھہرے
اُٹھا دو مہرباں پردہ کہ پردہ ہو نہیں سکتا

نہ ہو جنبش لبوں کو جی اُٹھیں مردے اشارے سے
یہ کام اس گل کا ہے تم سے مسیحا ہو نہیں سکتا

وہ جھیلیں سختیاں میں نے کہ خود ہی کہہ اُٹھا ظالم
ہمارا سا بھی پتھر دل کسی کا ہو نہیں سکتا

کنول پانی پہ ہو اور برف ہو اونچے پہاڑوں پر
کوئی یورپ کا منظر اس سے اچھا ہو نہیں سکتا

مشیر بے نوا کا دل بھرا ہے نورِ ایماں سے
بتوں کے پیار کرنے سے وہ رُسوا ہو نہیں سکتا

۲۰ ستمبر ۱۹۱۱ء (۲) کشمیر سری نگر

لڑتے ہی آنکھوں سے آنکھیں اُن کا میں دیوانہ تھا
اُن کی شوخی قہر تھی اُن کا چلن مستانہ تھا

پاس ساقی کے مرے پیرِ مغاں کیا کیا نہ تھا
نرگسی آنکھوں میں مے تھی۔ جام تھا پیمانہ تھا

حُسن کی ساری ادائیں ہوتی ہیں شہرت پذیر
گُل کا ہنسنا تھا۔ کہ عالم میں یہی افسانہ تھا

سنگِ اسود کو دیا بوسہ تو یہ آیا خیال
میں تو یوں بھی آستاں بوسِ دربت خانہ تھا

بن گئی یاں جان پر جس دم کہی اُس نے نہیں
واں ستم ایجاد کا یہ نازِ معشوقانہ تھا

میرے پہلو میں پری خانہ تھا۔ دل میرا حضور
آپ ایسے سیمبر کا جب وہ خلوت خانہ تھا

نالۂ لبیک سے دل مست ہوتا تھا مرا
زاہدو اللہ کا گھر بھی مجھے میخانہ تھا

ہائے وہ دل جو تھا سرمستِ غرورِ خودسری
پڑتے ہی افتادِ الفت بندۂ جانانہ تھا

میرے پہلو میں نظر آتی ہے جو خالی جگہ
اُس دلِ گم گشتہ کا ظالم یہیں کاشانہ تھا

ذکر تھا حور و قصور و باغ و مے کا وعظ میں
رنگ غالب حضرتِ زاہد پہ بھی رندانہ تھا

زندگانی کامری باعث مری ہمت رہی
ورنہ دل ناکامیوں سے ایک حسرت خانہ تھا

لے گیا پھسلا کے اُن کو دشتِ تنہا میں مشیر
ای رقیبو۔ اب بھی کہتے ہو کہ وہ دیوانہ تھا

سری نگر کشمیر (۳) ۱۹ ستمبر ۱۹۱۱ء

چاند سے چہرے پہ زلفوں کا پریشاں ہونا
یہ ادا دیکھ کے آئینہ کا حیراں ہونا

مجھ پہ وہ غیر کے دھوکے میں تری لطف کی آنکھ
اور گھبرا کے وہ پھر تیرا پشیماں ہونا

حضرتِ عشق سے پروانۂ عمرِ جاوید
لوں۔ جو ہو اُس پہ۔ میسّر مجھے قرباں ہونا

یاد گل کی مرے گرلے کے نکلتا مجنوں
دیکھتا دشتِ جنوں کا بھی گلستاں ہونا

تن کی عریانی سے ہے اور ہی شانِ عاشق
ہے گریباں سے بجا دست و گریباں ہونا

شان عریانی تن کہتی ہے او دستِ جنوں
ہو میسّر نہ گریباں کو گریباں ہونا

جوش پنہاں محبت سے اُٹھانا آنکھیں
آنکھ سے آنکھ کے ملتے ہی پشیماں ہونا
جو ہوں کمزور اُنھیں لوٹ کے غارت کرنا
پھر بھی تہذیب پہ یورپ کا وہ نازاں ہونا
ہند میں تم کو غلامی نہیں منظور مشیر
چاہتے دل سے ہو پر بندۂ جاناں ہونا
یہ بھی جوہر ہی شرافت کا مشیر محزوں
اپنی تقصیر پہ خود آپ پشیماں ہونا

سری نگر کشمیر (۴) ۲۱ ستمبر ۱۹۱۱ء

مجھے دل پہ اپنے کچھ بھی اگر اختیار ہوتا
تو نہ میں تڑپنے دیتا نہ یہ بے قرار ہوتا

جہاں دوسرا نہ ہوتا وہ بناتے ہم اک عالم
وہی ہم کلام ہوتا وہی ہم کنار ہوتا

وہ جفا سے اب ہیں تائب ہے قسم بھی عہد بھی ہے
پہ کروں میں کیا کہ دل کو نہیں اعتبار ہوتا

یہ پہاڑ اور سمندر جو ہیں سدّ رہ تمھارے
اُنھیں میں ہوا بناتا اگر اختیار ہوتا

مجھے یادِ گُل نے مارا مری خاک سے یقیناً
وہی گل نمو میں آتا جو کہیں مزار ہوتا

یہ وطن میں اپنی حالت ہے قیود کی بدولت
کہ قفس میں جیسے طائر کوئی بے قرار ہوتا

وہ مرے قریب ہوتے وہ نگاہیں کام کرتیں
کبھی تیر سے کلیجا کبھی دل فگار ہوتا

یہ ستم کا رحم دیکھو نہ مجھے نیمجاں ہی چھوڑا
وہی تیر کاش ہوتا جو جگر کے پار ہوتا

مجھے دسترس جو ہوتا تو جدائی کیوں یہ ہوتی
تجھے آنکھوں میں بٹھا کر مرا دل نثار ہوتا

یہ نہیں کہ تیرے وعدے کا مجھے یقیں نہیں ہے
مگر اپنی زندگی کا نہیں اعتبار ہوتا

وہی تنگمرگ[1] ہوتا وہی دل فریب وادی
جہاں شاعری کا سودا مجھے بار بار ہوتا

[1] کشمیر میں گلمرگ کے نیچے تنگ مرگ واقع ہے وہیں اول غزل مشتاق سلمہ کی فرمائش پر اس مصرع طرح پر جو انھوں نے دیوان وحشت سے دیا برجستہ ہوئی اور پھر سلسلہ چلا۔

وہی رنگ رنگ کے گل وہ حبیب گلبدن بھی
وہ نشاط[1] باغ ہوتا وہی شالامار[2] ہوتا

وہی زعفراں[3] کے تختے وہی یاسمن[4] کی خوشبو
وہی گل[5] کنول کا ڈل[6] پر وہی لالہ[7] زار ہوتا

وہ سفیدے[8] ایستادہ اِدھر اور اُدھر سڑک کے
وہ نسیم[9] باغ ہوتا وہ حسیں[10] چنار ہوتا

۱و۲ کشمیر کے بے نظیر و دلفریب باغ ہیں جن کا مثل دنیا کے پردہ پر نہیں اور جو مغلیہ مذاق کا نہایت اعلیٰ نمونہ ہیں۔
۳ زعفران کشمیر کی خاص پیداوار کی چیز ہے تختے کے تختے بوئے جاتے ہیں لاریاں بھر دیتے ہیں مگر کشمیر کی بھی ہر زمین میں زعفران نہیں ہوتا۔
۴ نشاط باغ میں یاسمن کے پھول بہت لطف دیتے ہیں جب فصل آتی ہے تو سری نگر سے جوق کے جوق لوگ ان کی بہار دیکھنے جاتے ہیں
۵ کشمیر کی جھیلوں میں کنول کا پھول خوب بہار دکھاتا ہے۔
۶ ڈل جھیل کو کہتے ہیں۔
۷ کشمیر میں لالہ زار کا منظر عجیب و دلفریب ہوتا ہے دیہات میں لوگوں کی مکانوں کی چھتوں پر اکثر کثرت سے لالہ دکھائی دیتا ہے جو ایک شعلہ جوالہ معلوم ہوتا ہے۔
۸ بارہ مولا سے سری نگر تک قریب قریب مسلسل سڑک پر دو رویہ سفیدے لگے ہیں کہتے ہیں کوریا یہ سب سے بڑا اونوی (avenue)
۹ نسیم باغ سری نگر میں چناروں کا ایک باغ لب آب ہے خیمہ اکثر وہاں کھڑے کیے جاتے ہیں۔
۱۰ چنار کے درخت کشمیر کی جان ہیں عجیب شان رکھتے ہیں اور کہیں ایسے چنار دیکھنے میں نہیں آئے یوں تو لندن میں بھی ایک قسم کا چنار ہے مگر وہ شان اور قد مفقود چنار کے ایک درخت پر ہم لوگوں نے نام کھودے تھے۔

وہی ہوتا بید مجنوں[1] جسے دیکھ کر تھیں پھر
مجھے چھوڑنے کا سودا نہ مرے نگار ہوتا

وہی ہاروں[2] بھی ہوتا وہی صاف شاہی[3] چشمہ
جو ہوا[4] تھا لطف حاصل وہی بار بار ہوتا

[1] پانی کے کنارے بید مجنوں بہار دکھاتے ہیں۔

[2] ہاروں میں سری نگر کا واٹر ورکس ہے۔ (Water Works)

[3] سری نگر کے پاس ایک چشمہ ہے جس کا پانی نہایت لطیف اور ہاضم کہا جاتا ہے۔ ایک چھوٹا سا قدیم باغ موجود ہے باغ کی نہر میں خودرو گلاب حد نظر تک پہاڑ پر لگے ہیں جب پھولتے ہیں عجب لطف دیتے ہیں۔

[4] جب شاعر اپنے شفیق بھائی شیخ مقبول حسین صاحب کے مشیر مال ریاست کشمیر مقرر ہونے پر اول اول ۱۹۱۰ء میں کشمیر گیا تو بہت ہی لطف سے گذری خود بھائی صاحب موصوف کے جموں سے پہونچنے کے قبل شاعر اپنے عزیز بچان بچوں۔ زینو۔ شرافت۔ شہیر۔ احمد۔ مبشر سلمہم۔ اپنی حبیب دل منجھلی بھاوج اور اشتیاق حسن۔ مومن سلمہم اور ایک دو اور عزیز کے ساتھ پہونچ گیا۔ خوب سیر اور تفریح کے بعد پارۂ جگر شہیر و مبشر سلمہم کو لیکر ولایت روانہ ہو گیا۔ مہاراجہ صاحب کشمیر نے خاص احکام سب کے آرام کے انتظام کے لیے اپنے اہلکاران کو روانہ فرمائے تھے۔ دریا کے سفر کے لیے اپنا موٹر لانچ بھی عنایت کیا تھا۔

وہی اچھے بل[1] کو چلتے وہی سیر باغ ہوتی
وہ پہاڑ[2] پر کا چڑھنا ترا یادگار ہوتا
وہ مزے مزے کے انگور[3] انھیں کہیے مے کے شیشے
وہی سیب[4] جو کہ دل کو مرے خوش گوار ہوتا
وہی عکس[5] ماہ ہوتا وہی عکس ماہ رو بھی
جو وہ چار چاند ہوتے تو یہ دل نثار ہوتا

[1] اچھے بل کشمیر کی ایک بہت اچھی تفریح گاہ ہے ایک پرانا باغ بھی واقع ہے جو بہت اُجاڑ حالت میں ہے۔ بیچ میں ایک کوٹھی ہے جس میں ہم لوگوں کا قیام تھا۔

[2] بچوں کا ایک قطار میں شرافت سلمہا کی زیر کمان پہاڑ پر ذوق و شوق سے چڑھنا بہت بھلا معلوم ہوتا تھا۔

[3] کشمیر میں انگور کے کئی باغ ہیں جن میں سیکڑوں درخت ہیں۔ شاعر کو انگور سے خاص رغبت ہے

[4] اشتیاق سلمہ نے ایک چھوٹا سا سیب ہاتھ میں لیا اور فرمائش کی کہ اس کا ذکر بھی ضرور آجاوے۔

[5] جب ڈل کی سیر کو ہم سب چاندنی رات میں شکاروں پر جاتے تھے تو چاند کا عکس اور شکارے کے بیٹھنے والوں کا عکس پانی میں صاف نظر آتا تھا۔ ماہرو میں ایک نام کی رعایت رکھی گئی ہے اور اس طرح چار چاند بنے ہیں۔

وہی تخت مجکو ملتا جہاں بیٹھے تھے سلیماں[1]
کہ خیال سے پری کے مجھے شوق یار ہوتا

وہی آل[2] پتھری بھی وہی برف کی پہاڑی
وہی لطف سیر حاصل سر آبشار[3] ہوتا

وہی ہوتی سیر جہلم[5] وہی ماہ رو بغل میں
وہی عکس ماہ ہوتا وہی حسن یار ہوتا

وہ بہار کوہ و صحرا وہی خوشنما مناظر
وہ چری[6] کے باغ ہوتے وہی سبزہ زار[7] ہوتا

[1] تخت سلیمان سری نگر میں ایک پہاڑی ہے جس پر ایک مندر سا بنا ہوا ہے تخت سلیمان سے سری نگر اور خصوصاً جہلم کے پیچ و خم کا منظر نہایت ہی دلفریب ہے۔

[2] گلمرگ کے آگے بلندی پر اور دشوار گذار راہ سے چل کر ایک چھوٹی سی جھیل ملتی ہے جو آل پتھری کہلاتی ہے جہاں اکثر لوگ تفریح کو جاتے ہیں جھیل پر برف جمی رہتی ہے سامنے بھی برف کی پہاڑیاں نظر آتی ہیں اکثر نیچے بہتے ہوئے نالے بھی برف سے جم جاتے ہیں۔

[3] اہرل کا مشہور آبشار ہے افسوس کہ بند جگہ پر واقع ہے ورنہ لطف دوبالا ہوتا۔

[5] دریائے جہلم کشمیر کی روح رواں ہے شاعر نے شکارے اور ہاؤس بوٹ اور موٹر لانچ سب پر جہلم کی سیر کی ہے۔

[6] سری نگر میں متعدد باغ چری کے ہیں۔ پھول اور پھل دونوں بہار دیتے ہیں۔

[7] کشمیر کا سا سبزہ بھی کم ہوگا بھائی صاحب کے مکان کا لان (Lawn) بالکل مخملی ہے۔

وہی سبز سبز بادل[1] وہی زر فشاں کنارہ
اُسی وضع پر کسی کا وہی پھر نکھار[2] ہوتا

وہ ثمر مزے کے وہ طیور ہر شجر پر
کہیں نغمہ سنج طوطی تو کہیں ہزار[3] ہوتا

وہ بہار باغ بادام[4] اُدھر اُن سے لڑتی آنکھیں
جو اِدھر وہ پھیرتے رُخ تو گُلِ انار[5] ہوتا

۱و۲ ایک بار سری نگر کے ڈل سے ایک عجیب دلربا منظر دکھائی دیا۔ آسمان پر ایک جگہ سبز سبز بادل نظر آیا اور ڈوبتے آفتاب کی کرنیں پہاڑ سے نکل کر اس بادل کے کنارے اس طرح روشن کرتی تھیں جیسے قمقموں کی جھالر لگائی گئی ہو خوش مذاق عورتوں نے سیر سے لوٹ کر اپنے دوپٹے اُسی طرح رنگ کر اور کنارے جھالر لگا کر اوڑھے۔

۳ کھتی رنگ کے پروں کا بلبل بھی کشمیر میں دکھائی دیتا ہے بھائی صاحب نے اس کے پالنے کی کوشش کی مگر کامیابی نہیں ہوئی۔

۴ بادام کے بہت بڑے بڑے باغوں میں پھول اور پھل دونوں کی بہار رہتی ہے۔

۵ گل انار رنگی بکثرت ہوتا ہے۔

وہی ہوتی سیر گلمرگ[۱] اسے پنلیوں میں لیتے
وہی سبز سبز جنگل جہاں دیودار[۲] ہوتا

وہی صاف[۳] صاف پانی وہی چاندنی[۴] کی چادر
وہی مچھلیاں[۵] بھی ہوتیں کہ وہیں شکار ہوتا

۱و۲ گلمرگ سری نگر سے قریب پہاڑی جگہ ہے اور جب سری نگر میں گرمی پڑتی ہے تو مہاراجہ صاحب اور زیادہ تر انگریز وہاں جاکر قیام کرتے ہیں کیونکہ وہ خوب سرد جگہ ہے گالف لنکس وہاں سے بہتر کہیں اور نہیں سمجھے جاتے کشمیر میں گل مرگ میں دیودار بھی بہت ہے۔

۳ صاف صاف پانی کے چشموں اور جھیلوں کی کشمیر میں کمی نہیں گانڈربل میں صاف پانی کی خوب بہار ہے ویری ناگ وغیرہ کی طرف بھی بہت اچھے اچھے چشمے ہیں۔

۴ مغلیہ بادشاہوں نے کشمیر کے باغات میں جدت طرازی کی انتہا کر دی ایسے پاکیزہ نفیس باغات دنیا کے پردہ پر نہیں تختے بند باغات ہیں۔ اوپر سے پانی کی چادریں نئے نئے اسلوب سے اس طرح گرائی ہیں کہ چاندنی رات میں بالکل پگھلی ہوئی چاندی معلوم ہوتی ہیں۔

۵ پہلگام کے رستہ میں اننت ناگ کے تالاب میں بے شمار مچھلیاں ہیں سری نگر میں ٹراوٹ مچھلی بھی پائی گئی ہے۔

وہ شفق[1] کا منظر خوش کہ پہاڑ لعل اِس سے
اُنھیں ٹھنڈے ٹھنڈے شعلوں سے وہ شعلہ بار ہوتا

سر کوہ سے وہ اُٹھنا وہی جھومنا ہوا پر
وہی ابر کا تماشہ[2] کہ جو پُر بہار ہوتا

وہی بین[3] کار ہوتا تو وہی نثار[4] ہوتے
وہی خوش گوار نغمہ جو جگر کے پار ہوتا

میں فقیر بن کے رہتا نہ میں نام عیش لیتا
مرے پاس کچھ نہ ہوتا وہ ستم شعار ہوتا

یہ تمام جشن ہوتا پہ وہ گُل اگر نہ ہوتا
تو مشیر دل تمھارا وہاں سوگوار ہوتا

[1] گلمرگ اور خود سری نگر میں اکثر غروب اور طلوع آفتاب کے منظر جو نظر آتے ہیں ان سے روح خوش ہو جاتی ہے جس وقت آفتاب پہاڑ کے نیچے ڈوبنے لگتا ہے اس کی کرنیں شعلہ کی طرح آسمان کو مشعل وقت للکر دیتی ہیں ابر کا تماشہ بھی قابل دید ہوتا ہے۔

[2] مہاراجہ صاحب کے یہاں ایک بین کار نوکر تھا جو بہت ہی دل آویز طریقہ سے بین بجاتا تھا۔

[3] نثار علی نامی ایک بہت ہی اچھے ستار بجانے والے مہاراجہ کے یہاں ملازم تھے۔

سری نگر کشمیر (۵) ۲۷ ستمبر ۱۹۱۱ء

میں کبھی موردِ جفا نہ ہوا — یعنی وہ مجھ سے آشنا نہ ہوا

گُل بنا ڈوب کر لہو میں دل — پھر بھی گلچیں وہ باحیا نہ ہوا

کیوں نہ ہو شوق آئنہ بینی — جب مقابل میں دوسرا نہ ہوا

رازِ دل اپنا کھل گیا سب پر — گل و بلبل کا یہ فسانہ ہوا

رحم اُن کو ذرا نہیں آتا — نالۂ دل بھی کام کا نہ ہوا

مال سمجھا وہ اپنا ہی ظالم — چھین کر دل مرا روانہ ہوا

آئے[1] وہ گھر میں بیٹھے بھی کچھ دیر — نہ ہوا پر مرا کہا نہ ہوا

دل جو خونِ جگر کا پالا تھا — تیرے تیروں کا وہ نشانہ ہوا

مجھ کو ترچھی نظر سے کیا دیکھا — موت کا یہ بھی اک بہانہ ہوا

مجھ سے کہدیتا ہے رقیب کا راز — وہ کسی کا بھی آشنا نہ ہوا

اپنی ہمت کا آسرا ہے ہمیں — غیر کا ہم کو آسرا نہ ہوا

[1] یہ رگین کے زمانہ کا کہا شعر ہے۔

نہ ملا پر ہمیں وہ گل نہ ملا غنچۂ دل ہمارا وا نہ ہوا

مر کے چمکا وفا سے نام مشیر
دیکھو انجام بھی بُرا نہ ہوا

ایضاً

دل جو اُلفت سے آشنا نہ ہوا کیوں وہ اک پارۂ سنگ کا نہ ہوا

پردۂ سازِ الفتِ جاناں ایک دم بھی تو بے صدا نہ ہوا

ہم نے دنیا میں یوں گزاری عمر کوئی ہمدرد و ہم نوا نہ ہوا

جانِ فرقت میں یاس سے دیا ہی کشش دل کا آسرا نہ ہوا

دل کے آتے ہی موت بھی آئی عشق بازی کا کچھ مزا نہ ہوا

ہو گیا خارِ گلشنِ کشمیر پاس میرے جو گل مرا نہ ہوا

بال کھولے وہ بام تک آتے نالہ اتنا بھی تو رسا نہ ہوا

بحرِ عالم میں ہی خدا پہ گھمنڈ مجکو کیا ڈر جو ناخدا نہ ہوا

افضل الناس ہو محمدؐ تم تم سا دنیا میں دوسرا نہ ہوا
دیکھتے لوگ عیسیٰ ثانی وارث[1] باصفا مرا نہ ہوا
میری غفلت کا اقتضا ہی سزا تیری رحمت کا اقتضا نہ ہوا
پا کے تم کو حبیب جانِ مشیر
دوسرے پر یہ دل فدا نہ ہوا

---

[1] پیر مرشد حضرت حاجی الحرمین حافظ قرآن سید تا وارث علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سری نگر کشمیر (۷) اگست ۱۲ سنہ ۱۹ء

گر جلد جوشِ عشق دبایا نہ جائے گا
شعلہ اُٹھے گا وہ جو بجھایا نہ جائیگا

عالم ہی بیکسی کا یہی تو مزار پر
بھولے سے بھی چراغ جلایا نہ جائیگا

اوراق روزگار پہ ہم نے لکھا ہی نام
اب آسمان سے بھی وہ مٹایا نہ جائیگا

غربت میں غرق بحر ہوئے ہم یہ جان کر
اہل وطن سے لاشہ اُٹھایا نہ جائیگا

اُلفت کے ترک کی ہی نصیحت بہت درست
ناصح مگر یہ زہر تو کھایا نہ جائیگا

مفلس سہی مگر ہی خدا پر ہمیں گھمنڈ
در پر کسی کے ہم سے تو جایا نہ جائیگا

کہتے ہیں ڈالکر مرے پہلو پہ اک نگاہ
شیشہ سا دل ہی ناز اُٹھایا نہ جائیگا

پکڑا ہی جس نے دامنِ محبوبِ کبریا
اُس قوم کا نشان مٹایا نہ جائیگا

حالِ دلِ مشیر کو گل سے کہے گا کون
اُس سے تو اپنا حال سنایا نہ جائیگا

اُس گل سے جس پہ جان فدا کی مشیر نے
مرقد پہ ایک پھول چڑھایا نہ جائیگا

گدیہ (۸) اپریل ۱۹۱۱ء

میں نہ کعبہ کا ہوا اور نہ کلیسا کا ہوا
ہاں یہ ستارہ دل اک گل رعنا کا ہوا

قرب حق سے مجھے پھر دار محن کو لایا
قہر میرے لیے اعجاز مسیحا کا ہوا

آگئیں سر پہ بلائیں وہی کالی کالی
مجھ کو سودا وہی پھر زلف چلیپا کا ہوا

مر کے بھی چین کی امید کہاں اے ہمدم
دل مرا جب سے کہ بندہ بت زیبا کا ہوا

کتنے توحید پرستوں کو مٹایا دم میں
معجزہ اب یہ نیا قوم نصاریٰ کا ہوا!!

قوم مردہ میں محمدؐ نے نئی پھونکی روح
میں جو بندہ ہوا کس شک مسیحا کا ہوا

حسن تھا ہوش ربا حضرت یوسف کا مشیر
نام کیوں عشق سے بدنام زلیخا کا ہوا

راہ دو میل کشمیر (۹) ۱۴ مئی ۱۹۱۱ء

ای مشیر اچھا ہوا تر تیرا داماں ہو گیا
خشک اوروں کے لیے تو بحرِ عصیاں ہو گیا

قیمت خونِ شہیدانِ وفا کو کچھ نہ پوچھ
قطرۂ خوں جو گرا لعلِ بدخشاں ہو گیا

نفس پر اپنے حکومت جب مجھے حاصل ہوئی
بس میں یہ سمجھا کہ اب میں شاہِ شاہاں ہو گیا

حُسن پر پڑتا نہیں گر عشق کا کچھ بھی اثر
پارہ پارہ کس لیے گُل کا گریباں ہو گیا

کافرو ہم پھر اُلٹ دیں گے زمین و آسماں
یاد جیسے ہی ہمیں پھر درسِ قرآں ہو گیا

ای محمدؐ کیا اثر تھا آپ کی تعلیم میں
اشرفِ مخلوق عالم میں انساں ہو گیا

جس گھڑی اس پر کھلا رازِ دلِ مضطر شیر
قتل کا تیرے اسی ساعت سے ساماں ہو گیا

ایضاً

(۱۰)

ہائے جب سے میں اسیرِ کنجِ زنداں ہو گیا
دشتِ ویراں تشنہ لب خارِ مغیلاں ہو گیا

سینۂ صد چاک کا سینا عبث تھا چارہ گر
حاصل اس سے کیا ہوا گر زخم پنہاں ہو گیا

اک[۱] حسینِ مہ لقا کا ہے وہ خلوت گاہِ ناز
آج کل گدیہ بھی برجِ ماہِ تاباں ہو گیا

محوِ زینت وہ ہوا تو میں ہوا محوِ خیال
آئنہ دیکھا کسی نے کون حیراں ہو گیا

[۱] از نیاز مرحوم

داغ کھا کر مثلِ لالہ ہو گیا میرا جگر
اب وہ گلزارِ حبیب[1] دل کے شایاں ہو گیا

جاگزیں دل میں ہوا جب سے مرا وہ گلعذار
دل مرا میرے لیے خود ہی گلستاں ہو گیا

کیوں نہ پھر غولِ بیابانی کریں آتش زنی
درسِ قرآں سے جو غافل ہر مسلماں ہو گیا

رہ گیا ہی پاس تیرے کیا مشیرِ خستہ جاں
ایک دل تھا وہ نثارِ جانِ جاناں ہو گیا

[1] نام شاعر کے باغ کا جو گدیہ میں ہے۔

راہِ گریز۔ باندی پور کشمیر (۱۱) ۸ر جون ۱۹۱۳ء

غزل فارسی

می زنم من نعرۂ اسلام را مست توحیدم نخواہم جام را
مرغ دانا را نہ یابی از فریب برکش اے صیادِ ناداں دام را
منزل مقصود دور افتادہ است تیز زن اے شہسوارم گام را
چون شوم سرمستِ عشقِ نفس کش برزنم بر سنگِ خارا جام را
یک نگہ از چشمِ مستانہ بس است من نہ خواہم آب آتش فام را
ایمن از دورِ فلک ہر کس کہ ہست او چہ داند رنگ صبح و شام را
ساغرے پُر از مئے کہنہ بدہ تا نہ بینم فرقِ ننگ و نام را
تندمی باشد مئے عرفانِ عشق آں نہ شاید ہیچ طبعِ خام را
ای رفیقم چوں نشینی با حبیب یاد کے آری مِن ناکام را
شافعی را کے بود الزام جور سر نبرد چوں مرغِ بے ہنگام را[1]

[1] منصور علاج

اے محمدؐ خوابِ شیرینِ تو خوش — می برد فریادِ من آرام را
یا شوم[1] عزلت نشینِ کنجِ کوہ — یا بگیرم خدمتِ اسلام را
گوشۂ کشمیری باید مرا — تا بسر آرم غمِ ایام را
مثلِ بلبل نالہ زن ہستم صبا — ایں پیامم دِہ بہ گُل اندام را

اے مشیرِ کام جو بے جدّ و جہد
کے بیابی تو بہ عالم کام را

---

[1] شاعر کے دل پر اُن حوادث کا از حد اثر ہے جو اسلام پر آرہے ہیں۔ اس لیے یہ ارادہ قائم ہوا کہ بس اب تو یا دُنیا سے کنارہ کش اور یا ہر وقت خدمت اسلام میں منہمک و سرگرمی

سری نگر کشمیر (۱۲) ۲۵ جون ۱۹۱۳ء

مسیحا چھوڑ دو مجھ کو میں اچھا ہو نہیں سکتا
ان آنکھوں کے مریضوں کا مداوا ہو نہیں سکتا

غنیمت وقت فرصت کا ہے جو کرنا ہے وہ کر لو
بہت دن عالمِ فانی میں رہنا ہو نہیں سکتا

نہیں ملتا وہ گل مجھ کو تو پھر آ موت ہی آئے
کہ اس حالِ زبوں سے میرا جینا ہو نہیں سکتا

خدا میرا معاون ہے مری ہمت مری ہمدم
کبھی میں دشتِ ویراں میں بھی تنہا ہو نہیں سکتا

ہوا کیا گر کسی کو بادشاہت مل گئی چندے
جھکوں ہم جنس کے آگے میں ایسا ہو نہیں سکتا

ہمیں کمزور پا کر اور چرکے دیدیئے تو نے
مگر اس ظلم کا انجام اچھا ہو نہیں سکتا

نہیں جس قوم کو کچھ بھی بھروسہ اپنی قوت پر
یہ کہ دو اُس سے اس دُنیا میں رہنا ہو نہیں سکتا

اگر اے باغباں گُل سے محبت جرم ہے کوئی
مشیر اس جُرم کا مجرم اکیلا ہو نہیں سکتا

لب پر گنہ کے بعد ادھر یا غفور تھا — اور پھر گناہِ تازہ پہ دل ناصبور تھا

آیا بہشت میں تو مرادِ دلی تھی اور — سمجھو نہ یہ کہ عاشقِ غلمان و حور تھا

دل بس رہا تھا غیر کی تکلیف دیکھ کر — ہمدردیِ بشر کا یہاں تک فتور تھا

جامِ شراب پھینکدیا لیکے حور سے — آنکھوں کی تیری یاد سے ایسا سرور تھا

ظالم نے اور تیر لگائے جگر خراش — جب سنگ جو چرخ سے دل چور چور تھا

قطعہ

اِک وقت تھا کہ ہم بھی تھے مسند نشینِ عیش — دِل بادۂ شراب سے وقفِ سرور تھا

گُل ایک ہاتھ میں تھا تو جام ایک ہاتھ میں — گویا بہارِ عیش کا ہر سو ظہور تھا

تھے مثلِ گبر دل سے پرستارِ مہروش — اس امتیاز پر ہمیں بیحد غرور تھا

آتش کدہ کو رکھتے تھے دن رات مشتعل — نظارۂ حبیب تجلّیِ طور تھا

آتش کو ہم بھی جانتے تھے مایۂ حیات — اور سوزِ عشق سے دلِ مضطر تنور تھا

لیکن کچھ اس طرح ہوا زیر و زبر جہاں — ہم گُل سے دور اور وہ گُل ہم سے دور تھا

ظلمت حجابِ چہرۂ آتش کدہ ہوئی　　وہ گرمیاں نہ تھیں کہیں اب وہ نور تھا

آئے طلسم ہوش رُبا کے فریب میں　　ظاہر پرست عقل کا اپنی فتور تھا

تو بندۂ خدا سے پرستارِ بُت بنا　　ظاہر ہے اے مشیر یہ تیرا قصور تھا

جنگ و جدالِ ہستیِ عالم میں اے مشیر　　ہمت سے جس نے کام لیا باشعور تھا

سری نگر کشمیر (۱۴) ۱۹ اگست ۱۳ سنہ ۱۹ء

گو آب آتشیں سے مزہ کوئی دم ملا
لیکن تھا بس سرور کے اتنا ہی سم ملا

باقی رہے گا اب نہ کسی اور کے لیے
ہم اور خوش ہوئے جو ہمیں اور غم ملا

سوئے تھے ہم وہی کہ بپا حشر ہو گیا
آرام مر کے بھی نہ ہمیں ایک دم ملا

باعث ہوا نہ فرقتِ گل میں موت کا
غم بھی اگر ملا تو نہایت ہی کم ملا

ہم جانتے نہیں کہ ہوا سر کا تاج کیا
افتادہ خاک پر ہیں ہاں فرقِ جم ملا

ہم صوفیوں کی راہ سے منزل پہ آ گئے
گو راستہ میں ہم کو بہت پیچ و خم ملا

اک بحرِ بیکراں تھا معاصی کا اے مشیر
کر شکر تیرا گوشۂ دامن ہی نم ملا

گلمرگ (۱۵) ۲۵ اگست ۱۹۱۳ء

ایسی جھلک دکھائی کہ بسمل بنا گیا
یہ چاشنی چکھا کے وہ شیریں ادا گیا

اے بدگماں رقیب یہ ظلمت گواہ ہے
اس بدنصیب گھر سے مرا مہ لقا گیا

ظالم خراب ہوگا خود اپنے ستم سے تو
شعلے کو دیکھ شمع کو بھی وہ جلا گیا

فریاد لے چلے ہیں اسی کے حضور میں
دریائے خوں جو تیغ ادا سے بہا گیا

بلبل کو ہوش جب ہوا گل کی بہار کا
گلشن سے جب مرا گل رنگیں ادا گیا

یارب ہر اک گنہ میں قیامت کی تھی کشش
جنت دے میں کسی سے جو دامن بچا گیا

وہ رحمت دو عالم و فخر زمانہ تھا
جو طوق سے غلاموں کی گردن چھڑا گیا

گھیرا ہے سب طرف سے بلاؤں نے اے مشیر
ہمت سے کام لینے کا اب وقت آگیا

سری نگر (۱۶) ۳ر ستمبر ۱۹۴۲ء

"ہمّت"

مرے قلب میں نور ہمت سے آیا ہلاکت سے مجھ کو اُسی نے بچایا
مدد کو مری آئی ہمت اُسی دم مصائب نے آکر مجھے جب ستایا
منور ہوئی بن کے وہ مہر انور مرے سر پہ جب ابر آلام چھایا
مجھے آگ حسرت کی جھلسا رہی تھی پہ ہمت نے اُس کو بھی آکر بجھایا
ضلالت زمانہ میں چھائی ہوئی تھی مجھے راستہ حق کا اُس نے دکھایا
اکیلا تھا میں اور دشمن ہزاروں پہ ہمت نے میری سبھوں کو بھگایا
مقدر ہوئی مجھ کو صحرا نوردی تو ہمت نے جنگل کو گلشن بنایا
کسی نے کیا وار کمزور پر جب بنی یہ سپر اور اُس کو بچایا
مددگار جب بن گئی آکے ہمت مرے جسم لاغر میں بھی زور آیا
نئی روح اُس نے ہر انساں میں پھونکی غلاموں کو طوقِ گراں سے چھڑایا

جو ڈر ڈر کے چھپتے تھے جا کر گھروں میں پکڑ کر انھیں مردِ میداں بنایا
لرزتے تھے جو موت کے نام تک سے رہِ حق میں مرنا انھیں بھی سکھایا
کریں لوگ حاصل سب اپنے حقوں کو اُسی نے ہر اک کو سبق یہ پڑھایا
معاون ہوئی آ کے مظلوم کی بھی کسی نے جو جور و ستم سے ڈرایا
مددگار وہ ہو گئی جس کسی کی اُسی نے کشادہ درِ فتح پایا
خدا نے بھی کی دستگیری اُسی کی قدم جس نے ہمت سے آگے بڑھایا

تمھیں گدگدایا مشیر آ کے اُس نے
وہ گل دستۂ خارِ جب لیکے آیا

واپسی از سری نگر راہِ اُڑی ۱۷ ۲۰ نومبر ۱۹۱۳ء

دَورِ گردوں سے مشیر بے خبر رو تا ہے کیا
حال دانہ کا درون آسیا ہوتا ہی کیا

آئے ہیں وہ میرے گھر میں ہوں خوشی سے بدحواس
المدد ای بخت تو اس وقت بھی سوتا ہی کیا

داغہائے حسرتِ دل لیکے یاں آئے ہیں ہم
ای مقیمانِ ارم دیکھیں یہاں ہوتا ہی کیا

یہ دلِ صادق ہی قیمت اس کی ہی ہر دو جہاں
اس متاعِ قیمتی کو ہاتھ سے کھوتا ہی کیا

داغ[1] میرے خونِ ناحق کا رہے گا حشر تک
وائے نادانی اُسے قاتل تو اب دھوتا ہی کیا

[1] اشارہ شہدائے مسجد کانپور کی طرف

نقد دل دیکر لیا ہے مول سودا درد کا
مثل بچوں کے پھر اب اے نوجواں روتا ہی کیا

ہی یہ اک دار العمل۔ یاں لازمی ہی جدّ و جہد
تو "اقول و قال" ہی مین عمر کو کھوتا ہی کیا

میرے گل کو یاد آئے دل مرا اے باغباں
تخم لالہ باغ میں تو اس لیے بوتا ہے کیا

لگ رہی ہی آگ سورج ہی سوا نیزے پہ اب
اُٹھ مشیر بے خبر کمبخت تو سوتا ہے کیا

تم عدم سے آئے تھے بہر تماشا اے مشیر
کھول کر آنکھیں ذرا دیکھو بھی تو ہوتا ہے کیا

کشمیر سری نگر ۲ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ب)

دے یا نہ دے وہ شوخ مرے نامے کا جواب
میں نے تو اپنی جان ہی کو دیدیا جواب

دیدہ دلیریاں ہیں اِدھر ذوق و شوق کی
رُخ پر عرق حیا کا اُدھر با حیا جواب

ہم نے سوال دل کو نگہ سے ادا کیا
اُس نے بھی مُسکرا کے دیا دِلرُبا جواب

پُر درد آہ دل کو ہلا دیتی ہے مگر
دل دوز اُدھر سے ہے نگہ ناز کا جواب

یورپ سے جنگ ہے تو ہو تہذیب مادی
تلوار ہی سے ہوتا ہے تلوار کا جواب

نمیر میں بہت سے حسیں پھول دیکھے ہیں
لیکن وہ گل ہے گلشنِ ہستی میں لاجواب
چوٹی پہاڑ کی کہیں لو جا کے اے مشیر
دید و تفکرات کو تم صاف سا جواب

کشمیر سری نگر ۳ر ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (پ)

واقف ہیں اپنے حُسن اور اُس کے اثر سے آپ
پھر پوچھتے ہیں حال مرا نامہ بر سے آپ

کچھ میرے دل کی کہہ کے ہنسا دیجئے مجھے
گھبرائے واقعی ہیں اگر چشمِ تر سے آپ

کرتے ہیں مست بوئے گُلِ نو دمیدہ سے
یعنی صدائے خندۂ لبہائے تر سے آپ

ایڑی تک اور زلفِ معنبر بڑھائیے
بل کھا رہے ہیں چلنے میں نازک کمر سے آپ

چھپی ہوئی نظر بھی ہے آئے بھی دیر کو
کیونکر کہوں کہ آتے ہیں اپنے ہی گھر سے آپ

چھوٹی سی شب گلوں میں کٹی اور صبح کو
چلتے ہوئے ہیں پہلے نسیمِ سحر سے آپ
دھوکا ہوا ہے لالۂ کشمیر کا مگر
خوش خوش جو ہیں مشیر کے داغِ جگر سے آپ

کشمیر سری نگر ۳ ستمبر ۱۱ سنہ ۱۹ء

ردیف (ت)

تیغ کو کھینچے ہوئے تیار ہیں ابروے دوست
تو چھپالے گھونگروں میں دل کو ای گیسوئے دوست

کیوں نہ شب ہائے جدائی میں گذاروں باغ میں
نکہتِ گل سے ذرا آتی تو ہے خوشبوے دوست

میں ہوا ہوں اس قدر محوِ خیالِ اتحاد
دشمنوں سے بھی مجھے آنے لگی ہے بوئے دوست

جس طرح جاتا ہے برگِ کاہ سوے کہربا
دل مرا کھچتا ہوا جاتا ہے یونہیں سوئے دوست

ہم کہاں اور اُن لبوں کی وہ حلاوت اب کہاں
جب مقدر نے کیا ہے ہم سے پنہاں روئے دوست

۷۱

ڈگمگائے کیوں نہ میری کشتیِ عمرِ رواں
جنبشوں سے موجِ طوفاں خیز ہے ابروئے دوست

یاد ہیں کشمیر کی راتیں وہ تم کو اے مشیر
تکیہ[1] ہوتا تھا سرِ شوریدہ کا زانوئے دوست

[1] مصرع طرح۔

کشمیر سری نگر ۱۱ ستمبر ۱۹۴۱ء

ردیف (ث)

رُخ ہی تہِ نقاب تو شوقِ لقا عبث
گُل ہی نہاں نظر سے تو اُس کی ہوا عبث

کانٹوں میں وہ گھرا ہی تو پھر دسترس محال
بُلبل کے مثل نالہ حسرت فزا عبث

تیغ ادا کے سامنے ہے سر جھکا ہوا
پھر دیر او نگاہ ستم آشنا عبث

تاروں کے مثل سارے حسیں ہیں جہان کے
تجھ سے مقابلہ انھیں اے مہِ لقا عبث

گلہائے گونہ گوں کے جو قالین چاہئیں
کشمیر کے سوا ہی کہیں ڈھونڈھنا عبث

انساں کی اصل ایک ہی انجام بھی ہی ایک
پھر ایک دوسرے کو بُرا جاننا عبث

وہ گُل ہو کُنجِ کوہ ہو حافظؔ کی ہو غزل
تسکین دل کی اور دوا چاہنا عبث

پتھر کے بُت ہیں جانتے ہو تم انھیں مشیر
پگھلیں وہ اس کی فکر عبث التجا عبث

سری نگر کشمیر — ۴ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ج)

کچھ کچھ ضرور آہ میں رنگِ اثر ہے آج — آمادہ لطف پر مرا جادو نظر ہے آج

دزدیدہ اک نگاہ کرم پر حیا یہ ہے — گویا کہ تازہ گل مرا شبنم سے تر ہے آج

ہے چاندنی کا لطف شکارے[1] پہ سیر میں — جھیلم بھی اپنی رَو میں ذرا زور پر ہے آج

ڈل پر ہے سیر صبح کنول کی بہار سے — لپٹی ہوئی مہک سے نسیم سحر ہے آج

یہ کوہ یہ سماں یہ دُعا ذوق و شوق کی — تاثیر ہم سے بھاگ کے جاتی کدھر ہے آج

ہاتھ آگیا تھا صبح مے معرفت کا جام — دُنیا مری نگاہ میں زیر و زبر ہے آج

وحدت کی مے سے بس کہ یہ مست ہے مشیر
دُنیا کے حال سے وہ بہت بے خبر ہے آج

[1] کشمیر میں ایک کشتی ہوتی ہے جس پر دریا کی سیر کی جاتی ہے اس کو شکارا کہتے ہیں جیسے وینس (Venice) کی کشتی گندولا (Gondola) کہلاتی ہے۔

کشمیر سری نگر ۴ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (د)

ہو رازداریِ الفت کا بھی مجھے ارشاد
جگر میں لیتے ہیں چٹکی بھی تا کروں فریاد

وہ بولے مردمِ دیدہ کو دیکے قوتِ برق
کہ دل کو تار نظر سے تو بھیج اپنی یاد

وہاں پہونچ کے نہ آئے نظر جو گُل میرا
تو مجھ کو جنتِ رضواں ہو جنتِ شدّاد

ثبوت اُن کے ستم کا نہ تار ہے باقی
فلک نے خاک بھی میری اُڑا کے کی برباد

خدا کرے تمھیں بھولے ہوئے کی یاد آئے
پھر آؤ دل میں کرو پھر یہ اپنا گھر آباد

سمجھ کے آئی تھی بلبل کہ خُلد ہے کشمیر
ہزار حیف یہاں بھی ہے تاک میں صیّاد

یہ عشق سرورِ عالم کا دل سے ہے اُس کو
کہ ہے مشیر محمدؐ کے نام سے دِل شاد

کشمیر سری نگر (۱) ۵ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ر)

لہو دِل کا کیا ہو اُس نے دل ہی میں نہاں ہو کر
خدا چاہے تو دل محشر میں خود بولے زباں ہو کر

سمایا میری آنکھوں میں تو کی جا کر جگہ دِل میں
تمھارا حُسن شوخی سے کہاں پہونچا کہاں ہو کر

لحد میں چین کیسا۔ گھر گیا دُہری بلاؤں میں
زمیں بھی میرے سر پر آ گئی ہے آسماں ہو کر

وہی گُل جس کی خوشبو سے میں دیوانہ تھا دنیا میں
اُسی کی یاد میں ہوں بُلبلِ باغِ جناں ہو کر

لگی ہو آگ ایسی شعلہ رو کے سوزِ اُلفت سے
کہ اُڑ جاتے ہیں میری آنکھ سے آنسو دُھواں ہو کر

رقیبِ خود غرض نے دی صلاحِ کینہ جو اُن کو
کہ مجھ کو مار ڈالیں وہ ادا سے مہرباں ہو کر

کھلا اوجِ رسول اللہ معراجِ معلیٰ سے
بنے فخرِ زمیں کرسی نشین آسماں ہو کر

پہاڑوں میں گلوں میں برگ میں سب میں وہی جلوہ
نمایاں وحدتِ پنہاں ہی کثرت سے عیاں ہو کر

مری تصویر جب پہونچے تو یہ سمجھو کہ آیا ہے
مشیرِ کشتۂ غم شکلِ کاغذ ناتواں ہو کر

مشیرِ خوشنوا اچھی غزل تم نے کہی لیکن
سخن وہ اور[1] ہے جو دل میں بیٹھے نغمہ جاں ہو کر

[1] غزل وزیر

کشمیر راہ پہلگام (۲) یکم جولائی ۱۹۱۳ء

یہاں نازش مرے دل کو محبت پر صداقت پر
وہاں وہ گُل بدن مغرور اپنی حسنِ صورت پر

نہ سمجھا میں کہا مجھ سے جب اُس نے "پھر ملیں گے گل
کہ ظالم نے اُٹھا رکھا ہے ملنا اب قیامت پر

مریضِ عشق ہوتے ہیں مگر ایسے نہیں ہوتے
عدو بھی خون روتا ہے ہماری زارِ حالت پر

سرِ سلطانِ ہفت اقلیم بھی ملتا ہے مٹی میں
گھمنڈ اچھا نہیں ہوتا کسی کا تاج و دولت پر

یہ حالت اشرف المخلوق کی بیداد کی دیکھو
کہ گلچیں رحم کھاتا ہی نہیں گُل کی نزاکت پر

اُصولِ دورِ عالم "ہر کمالے را زوالے" ہے
سُنا دو یہ اُنھیں غرّا ہے جن کو اپنی طاقت پر

ابھی ہم پھر ملا دیں گے کسی دن رُبع مسکوں کو
بھروسا اپنی طاقت پر ہے اور حق کی اعانت پر
اگر ہے ایشیا والو حمیت کچھ بھی ہے تم میں
تو سب مل کر ہو اب سینہ سپر اُس کی حفاظت پر
مسلمانو! امینِ وحدتِ حق ہو تو لازم ہے
تصدق اپنی ہستی کو کرو تم اُس امانت پر
نہیں میں بھول سکتا اپنے گدیہ[1] کی زمیں ہرگز
مرا دل لوٹ ہے کشمیر گو تیری لطافت پر
خطر کیا۔ ہو جو سر پر بارِ محشر میں گناہوں کا
اگر تم اے محمدؐ ہو کمر بستہ شفاعت پر
ملے گا اجر نیکی کا بلاشک اُس کی رحمت سے
مگر نازاں نہ ہو جانا مشیر اپنی عبادت پر

[1] وطنِ شاعر۔

سری نگر (۳) ۱۳ ستمبر ۱۹ء

تلوار[1]

تلوار تو ہی جنگ میں کرتی ہے کامگار
تلوار تجھ سے امن بھی ہوتا ہے پائدار

تلوار جو اٹھاتی ہے عقل و شعور سے
ہوتی ہے بس جہان میں وہی قوم نامدار

تلوار تو وسیلہ ظفر کا جہاں میں ہے
تو ہی غلام کو بھی بناتی ہے تاجدار

تلوار ہی کے ہاتھ میں اعزاز ہے مگر
کمزور پر لگانے سے کرتی ہے شرمسار

تلوار جس کے ہاتھ میں ہو ہے وہ سربلند
مفلس کو بھی بناتی ہے تلوار مالدار

سایہ میں سیف ہی کے بہشت بریں بھی ہے
گر راہ حق میں ہو کوئی ہمت سے جاں نثار

تلواریں تو دہر میں چمکی ہیں اور بھی
پہنچی فلک پہ جا کے مگر تیغ ذوالفقار

تلوار تو ہی ہمت و قوت کی ہے نشاں
تلوار تو ہے ثروت و عزت کی یادگار

تلوار اپنا رعب بھی رکھتی ہے ساتھ ساتھ
تلوار جس کے ہاتھ میں ہے وہ باوقار

مانا کہ ہے تمدن و تہذیب نو پر
یورپ کے اوج کا ہے مگر تیغ پر مدار

[1] حسب فرمائش نور عین زین العباد سلمہ تیار یہ نظم ہوئی۔

گر چاہتے ہو پھر کہ ہو حکمراں مشیر — تلوار اپنے ہاتھ میں لے لو پھر ایک بار
سکّہ اُسی کے نام کا چلتا ہے اے مشیر — جو تیغ آزمانے میں ہوتا ہے ہوشیار
خلد بریں ہے سایۂ شمشیر میں مشیر — گُل کی محافظت کے لیے سر بکف ہیں خار
شمشیر[1] سے اُڑا کے سرِ پر غرور کو — دنیا میں کر دیا تجھے یوں اُس نے نامدار

[1] شمشیر سے سر یعنی "ش" علیحدہ کرنے سے "مشیر" کا نام نکلتا ہے۔

کشمیر سری نگر ۔ ۱۱ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (س)

مے بھی ہے اور گزک بھی ہے مرے یار کے پاس
مست آنکھیں نمکین خال بھی رخسار کے پاس

نالہ ہی شور ہے فریاد ہے الجھن ہے مگر
چین کمبخت نہیں مرغِ گرفتار کے پاس

ستم دہر سے دل ہار نہ دینا ہرگز
دیکھ لو اس گلِ رعنا کی ہنسی خار کے پاس

دلربائی کا ہے وہ شوق کہ اللہ و غنی
سیکڑوں دل ہیں تڑپتے مرے دلدار کے پاس

نقدِ جاں کر دے تصدق جو تو آجائے ذری
اور تو کچھ بھی نہیں ہے تیرے بیمار کے پاس

بھیجدے اپنی مدد اے مرے رحمت والے
بوجھ بھاری ہے بہت تیرے گنہگار کے پاس

لوگ حیرت میں تجھے دیکھ کے رہتے ہیں مشیر
ہے گلے میں ترے تسبیح جو زنّار کے پاس

کشمیر سری نگر ۶ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ش)

یہ اُڑا کے لائی ہے بوئے گُل میں ہوں اس نسیمِ سحر سے خوش
جو میں اِک نظر اُسے دیکھ لوں تو ہو میری روح نظر سے خوش

یہ ورق، یہ رنگ، کہ دل کھنچے۔ یہ رگیں کہ جال بنا ہوا
یہ حسین خار، لطیف بو۔ میں ہوں گُل کے سارے شجر سے خوش

جو لڑی نگاہ نگاہ سے وہ چمک کے آنکھوں میں آ رہے
مری پتلیوں میں وہ رہ کے خوش میں ہوں اُن کی بانکی نظر سے خوش

شبِ ماہ گر نہیں تو نہ ہو مرا ماہ رو مرے پاس ہے
نہیں آسماں پہ نظر مری میں زمیں پہ اپنے قمر سے خوش

مجھے گل سے یادِ حبیب ہے وہی ناز کی وہی رنگ ہے
وہی بو ہے اور ہنسی وہی مرا دل ہے اس گُلِ تر سے خوش

اک ادا سے توڑ کے پھول کو اُسے رکھ کے پاس کمر کے وہ
مجھے چھیڑتے ہیں کہ تو ہے آبِ گلِ گُل سے خوش کہ کمر سے خوش

مئے ارغواں بھی جو پی تو کیا گُلِ نو دمیدہ کی یاد میں
وہ غفور اپنے کرم سے خوش ہیں گناہِ تازہ و تر سے خوش

وہ نہ آئیں یاں تو نہیں سہی ملیں غیر سے وہ ہنسی خوشی
اُنھیں یاد آؤں کبھی کبھی ہیں دعا کے اتنے اثر سے خوش

وہ ہیں محو اپنے جمال میں نہیں ہٹتی آئینے سے نظر
اُنھیں کیا پڑی ہے کہ ہنس کے ہوں وہ مشیرِ خستہ جگر سے خوش

سری نگر کشمیر ۱۴ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ص)

وہ جو رکھتے ہیں دِلربا اخلاص
میں بھی رکھتا ہوں باوفا اخلاص

سارے اوصاف کا خلاصہ ہے
غیر سے بھی نہ مل بلا اخلاص

عشقِ گُل دے گا داغِ بدنامی
خار کے ڈر سے دب گیا اخلاص

ظاہری خلق غیری سے رہے
چاہتا ہوں میں آپ کا اخلاص

بچ کے چلنا رہِ ریا سے مشیر
دشمنی بھی ہو تو ہو با اخلاص

کشمیر سری نگر ۱۴ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ض)

وہ ماہ رُو گر پاس ہو تو انجمن سے کیا غرض
آنکھوں میں جب پائے جگہ گل کو چمن سے کیا غرض

دل دل سے ملنے کو ملے آنکھیں اشارے کو ملیں
کیوں چاہیے شیریں زبان مجھ کو سخن سے کیا غرض

اُس گُل کا وہ نازک بدن کافی ہے بحرِ دلبری
سادہ ہو یا پُر کارِ حُسن پیرہن سے کیا غرض

آزاد جیتے جی رہا جب میں قیودِ وضع سے
پھر بعد مردن دستو فکرِ کفن سے کیا غرض

یہ ہی لباسِ عارضی پہنا ہے جو ہم نے یہاں
ملبوسِ نو سے کیا غرض دیقِ کہن سے کیا غرض

جب دل میں ہو ذوقِ فنا کس کام کا آبِ بقا
کیا ہو بہارِ جاں فزا مے اور حسیں سے کیا غرض

دل لیکے میرا اب تمھیں سارا جہاں لینا ہے کیا
باندھے ہو کیوں تیر و کماں اس بانکپن سے کیا غرض

ہم چاہتے ہیں بیخودی ہم کو مزے سے کام کیا
کافی ہیں دو بوندیں ہمیں تو یا کہن سے کیا غرض

کشمیر میں رہ کر مشیر آئے تمھیں کیوں یاد گھر
درویش ہو عاشق منش تم کو وطن سے کیا غرض

کشمیر سری نگر ۸ ستمبر ۱۱ سنہ ۱۹ء

ردیف (ط)

ہم سے ہے اُن کا دعوئِ لطف نہاں غلط
ڈالیں رقیب پر نگہِ جانستاں غلط

گلچیں نہیں ہوں شوق مجھے دیدِ گُل کا ہے
مجھ سے ہے بدظنی تری او باغباں غلط

ہے سیرِ گُل دو روزہ مگر خار دائمی
بُلبل یہ شاخِ گُل پہ ترا آشیاں غلط

کھینچا ہے لعلِ لب کو مرے لب نے جذب سے
چوری کا اتہام غلط یہ گماں غلط

میں "آمرِ رب" ہوں اصل وطن میرا لامکاں
یہ ظاہری مکان یہ نام و نشاں غلط

خود اپنی غفلتوں سے یہ دیکھا ہے روزِ بد
پھر اب شکایتِ ستمِ آسماں غلط
رہ جاؤ یاں مشیر بُری یا بھلی طرح
کشمیر میں خیال چنیں و چناں غلط

کشمیر سری نگر ۱۴ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ظ)

نہ غیروں کی مکر و دغا کا لحاظ نہ اُن کو ہماری وفا کا لحاظ
توقع یہ دیوانہ پن سے ہمیں کہ وہ بُت کرے گا خدا کا لحاظ
ملاتے نہیں آنکھ خلوت میں بھی اِنھیں اس قدر ہے حیا کا لحاظ
بڑھے عشقِ گُل بوئے گُل سے کچھ اور مرض کیا کرے جو دوا کا لحاظ
نہ مایوس ملنے سے اُس گُل کے ہو کہ مضطر کی ہوگا دُعا کا لحاظ
مسلمان چاہیں اگر فتح و نصرت ہمیشہ رکھیں مصطفےٰ کا لحاظ
مشیرِ الفتِ مصطفےٰ میں ہو محو
رکھو اُن کے تم نقشِ پا کا لحاظ

کشمیر سری نگر ۱۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

ردیف (غ)

نہ جاؤں گا میں بہرِ گلگشتِ باغ نہیں خندۂ بے محل کا دماغ
اُسی نے لگائی محبّت کی آگ وہی گُل مرے قصرِ دل کا چراغ
اگر جان دو ملک کے واسطے تو ہو روح کو قبر جائے فراغ
جو اہلِ نظر ہیں حضوری میں ہیں نہ پاؤ گے ظاہر پرستو سُراغ
کہے عشق روشن جو نامِ مشیر
بنے شمع مرقد بھی اُس گُل کا داغ

کشمیر سری نگر ۱۳ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ف)

عشقِ جنوں زا اِک طرف دھڑکا خلش کا اک طرف
گُل کی تمنّا اک طرف کانٹوں کا کھٹکا اک طرف

پیکرِ مے انگور کو مجھ سے بھی کہتے ہیں پیو
ہے پاس اُن کا اک طرف اور خوفِ عقبیٰ اک طرف

دِل عشق میں جب گھر گیا کیا کشمکش میں پڑ گیا
خوفِ خدا ہے اک طرف سودا بتوں کا اک طرف

عبرت ہے سیرِ باغ سے رنج و خوشی توام ہیں یاں
بُلبل کا نالہ اِک طرف گُل کا تماشا اک طرف

کیونکر ملیں دونوں مشیر اس خبط سے کیا فائدہ
کشمیر کا شوق اِک طرف لندن کا سودا اک طرف

کشمیر سری نگر (۱) ۱۰ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ق)

ہوگیا ہے دل اسیرِ دامِ عشق
دیکھیے ہوتا ہے کیا انجامِ عشق

عاشقی کی صبح تھی فرحت فزا
پر بلائے جاں ہوئی ہے شامِ عشق

دِل گیا عزّت گئی راحت گئی
لُٹ گیا آخر ہوا جو رامِ عشق

یادِ گُل ہے دِل میں لیکن چاہیے
شوقِ وصلت کی شراب و جامِ عشق

ایک کا دل دوسرے کو مل گیا
ہے یہی تو ابجدِ آلامِ عشق

دِل کو پتھر کر تو اُس بُت سے ملے
یہ غضب کا ہے مجھے پیغامِ عشق

دِل ہمارا فرد آزادی میں تھا
ہوگیا کمبخت وہ بھی رامِ عشق

مرگیا گر عاشقِ صادق مشیر
کون پھر روشن کرے گا نامِ عشق

کشمیر (۲) جون ۱۳ سنہ ۱۹ء

چاہیے پتھر کا دل ہنگامِ عشق
سخت ہوتے ہیں بہت احکامِ عشق

کہنے سننے کی ضرورت کچھ نہیں
دل کو دل سے جائے گا پیغامِ عشق

کافر و مومن فقیر و بادشاہ
جس کو دیکھو ہے اسیرِ دامِ عشق

مثلِ آہن کھنچ رہا ہے سب جہاں
سنگِ مقناطیس رکھیے نامِ عشق

کیا تعجب ہے یہیں گر جن و ملک
اُسکی حالت پر جو ہے ناکامِ عشق

دوست کو سمجھے ستمگر بے وفا
دل شکن ہوتے ہیں یہ اوہامِ عشق

جو ہیں تن پر وہ ہٹیں اس راہ سے
عاشقو سن لو یہ ہے پیغامِ عشق

وہ تعلق جس سے دو دل ایک ہوں
دیدیا ہے سب نے اُس کو نامِ عشق

مل گیا ہے دل کو گنجِ معرفت
کم نہیں ہے یہ مجھے انعامِ عشق

حسن سے رغبت جسے تھی پھنس گیا
حسن تھا دانہ برائے دامِ عشق

کوئی پہونچا دے گا اک دن اے مشیر
گل کے کانوں تک ترا پیغامِ عشق

اپنی حالت سے بہت خوش ہے مشیر
چاہے اک عالم کرے بدنامِ عشق

کشمیر سری نگر — ۱۳ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ک)

وہاں زلفیں سنورتی ہیں نکھارا ابتک سنگارا ابتک
یہاں ہونٹوں پہ جاں آنکھوں کو اُن کا انتظارا ابتک

ہمیں کیا باغ زینت پر ہے یا موسم مزے کا ہے
نہیں دیکھا جو گُل اپنا نہیں آئی بہارا ابتک

نگہ کے لڑتے ہی خنجر چلایا تھا ستمگر نے
یہ دل ہے خون فشاں ابتک یہ سینہ ہے فگارا ابتک

اگر محراب ابرو میں نہ جھکتا میں تو چتون سے
کھچا کرتی علیؓ کا نام لیکر ذوالفقارا ابتک

خدا کی ذات میں ہے حُسن یہ فتویٰ ملا جب سے
دَم آخر ہے مگر پوجا تجھے اے گلعذارا ابتک

خدا جانے لگا دی آگ کس کے حُسن نے دل میں
نکلتا ہے دھواں میرے دہن سے بار بار اب تک

مشیر خستہ جاں پر ہی پری کا سایہ برسوں سے
مجھے اس کا تعجب ہے کہ ہے وہ ہوشیار اب تک

کشمیر سری نگر ۱۶ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ل)

دو دن کے واسطے ہیں فقط خندہ ہائے گُل
آنسو لہو کے روئے گا اے مبتلائے گُل

کیوں ڈھونڈھتی ہے بُلبلِ ناداں اِدھر اُدھر
دِل میں مرے چھپا ہے لہو کی بجائے گُل

نادار ہوں پہ عشق نے ہمت بلند کی
حاضر یہ نقد جاں ہے برائے بہائے گُل

نازک ورق لطیف ہے بو، رنگ خوشنما
اور دل کو چھید لیتے ہیں یہ خار ہائے گُل

گُل ہو چراغِ عمر پہ گُل کی ہوا نہ جائے
آئے مزار سے بھی صدا ہائے ہائے گُل

بُلبل تجھی کو تاجِ محبت مِلا مگر
وہ کون دل ہے جو نہ ہوا مبتلائے گُل

قسمت ہے اپنی اپنی گلہ کس کا ہم کریں
غیروں کو بوئے گل ہے ہمیں خار ہائے گُل

بُلبل سکھائے گی اُسے کیا عاشقی کے طرز
یوم الست سے ہے یہ دل مبتلائے گُل

ہم اور وہ ہیں باغ کا ساماں کیے ہوئے
یاں دل ہو لالہ زار وہاں خندہائے گُل

اے عندلیب اُترا ہمدرد ہے مشیر
اس پر جفائے یار ہے تجھ پر جفائے گُل

کشمیر سری نگر ۱۳ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (م)

ہوتے ہیں مست اُس نگہِ تند خو سے ہم
پیتے نہیں شراب قدح یا سبو سے ہم

وہ دن گئے کہ باغ کی سیریں تھیں روز و شب
زندہ ہیں اب تو بس گلِ نازک کی بو سے ہم

پابندیِ حنا کی شکایت پہ یہ کہا
"تلووں کو اب رنگیں گے تمھارے لہو سے ہم"

چھپ کر وہ ہم سے آئنہ بینی میں محو ہیں
کیا جانیں دیکھتے اُنھیں کس آرزو سے ہم

ہے گو شعار آشتی و حلم و انکسار
دبتے مگر نہیں ہیں کسی جنگجو سے ہم

برچھی لگا کے وہ نہ پشیماں ہو کہیں
پنہاں کریں گے زخم کو اس ماہرو سے ہم

کچھ کہتی ہے صدا تری او قمریِ چمن
حق سترہ کو سنتے ہیں تیرے گلو سے ہم

شہرگ[1] کے پاس ہادیِ برحق بتا گئے
بیٹھے تھے تھک کے جبکہ تری جستجو سے ہم

کہتے ہیں وہ مشیر نہ ہم سے ملا کرو
گھبرا گئے ہیں اب جگرِ صد رفو سے ہم

[1] قرآن میں ہے کہ خدا شہرگ سے بھی قریب تر ہے۔

کشمیر سری نگر (۱) ۲۶ اگست ۱۹۱۱ء

ردیف (ن)

دِل آگیا جو اُن پہ طبیعت ہے کیا کروں
قد کھپ گیا نظر میں قیامت ہے کیا کروں

داغِ جگر کبھی ہے تو دردِ جگر کبھی
میرے جگر پہ اُن کی عنایت ہے کیا کروں

بیٹھینگے پتلیوں میں مرے دل سے رُوٹھ کر
خوں گشتہ دل سے اب اُنھیں نفرت ہے کیا کروں

زر کیا ہے نقدِ جاں کو بھی کر دوں نثار میں
اُس گُل سے میرے دل کو محبت ہے کیا کروں

حاضر جو اک نگاہِ کرم کے لیے ہے جاں
یہ مقتضائے جوشِ شرافت ہے کیا کروں

وارفتہ دل کے ساتھ ہے روحِ لطیف بھی
کشمیر جائے حسن و لطافت ہے کیا کروں

کھنچتا ہے سینری[1] کی طرف دل نظر کے ساتھ
مائل کشش پہ اس کی نفاست ہے کیا کروں

کیوں مرگیا نہ اک نگہِ ناز سے مشیر
اُس زود رنج کو یہ شکایت ہے کیا کروں

[1] انگریزی کا لفظ ہے معنی منظر کے ہیں۔ مگر زیادہ تر قدرتی منظر سبزہ آب کوہ و صحرا کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اسی لیے اس موقع پر انگریزی ہی کا لفظ رکھا گیا کہ وہ کشمیر کے دلربا منظر کے لیے بہت مناسب لفظ ہے۔

کشمیر سری نگر (۲) ۲۸ر اگست ۱۱ سنہ ۱۹ء

ہم محو اس قدر ہیں تمنائے یار میں
کھوئے ہوئے سے رہتے ہیں اپنے دیار میں

آنکھوں میں آگیا مرا دم انتظار میں
ہیں محو آئینے کو لیئے وہ سنگار میں

راحت طلب ہیں کہتے ہیں راحت وہاں نہیں
کیوں بیٹھیں ہم تمھارے دلِ بے قرار میں

بیداری حیات میں جھگڑے تھے رات دن
سوئینگے نیند بھر کے اب اپنے مزار میں

بلبل کی شکل مل کے نوا سنجیاں کروں
وہ گل اگر ملے مجھے فصلِ بہار میں

دل سے خفا ہیں شوق ہی سیرِ باغ کا
چھوڑ آئیں ہم بھی دل کو کسی لالہ زار میں

چوری کے اتہام کو دشمن نہ اب اٹھائیں
دل پاس ہی تمھارے تم آؤ کنار میں

کشمیر جانے والوں کے دل سے یہ پوچھیئے
کیا خوشنمائیاں ہیں درختِ چنار میں

ہر شخص ہے اسیر غلامی میں یاں مشیر
کب تک رہو گے تم کہو ایسے دیار میں

کشمیر سری نگر (۳) ۷ ستمبر ۱۹۱۱ء

بُلبلِ زار سے بھی زار فزوں تر میں ہوں
کس قدر والہ و شیدائے گُل تر میں ہوں

اُس کے قامت کو یہ دعویٰ کہ قیامت ہوں میں
اُس کی چتون کا اشارہ ہے کہ خنجر میں ہوں

کشمکشِ دیر و حرم کے لیے دل میں تھی کبھی
اب تو اُفتادہ ستمگر ترے در پر میں ہوں

بُلبلیں گل سے ملیں۔ شمع سے پروانے ملے
دور محبوب سے پر ہائے مقدر میں ہوں

مائل صلح میں سمجھا کہ وہ تھا خالی ہاتھ
کھینچ کے ابرو نے کہا اُس کی کہ خنجر میں ہوں

جرم ٹھہری یہ دلیری کہ ہوں عاشق تیرا
سب جفاؤں کا سزاوار ستمگر میں ہوں

۱۰۶

کتنا دشوار رگِ جاں کا بچانا ہے مشیر
ہر نظر اُن کی یہ کہتی ہے کہ نشتر ایں ہوں

سری نگر کشمیر (۳) ۲۲ جولائی ۱۳ء

گنہگار پیری میں جو رو رہے ہیں — وہ اب داغہائے گنہ دھو رہے ہیں
پہونچے پہ ہیں ہمسفر منزلوں پر — مگر نیند غفلت کی ہم سو رہے ہیں
زمانہ میں بچوں کا دل کیوں نہ بہلے — کہ کیا کیا تماشے یہاں ہو رہے ہیں
ریاضت کا پھل دیکھیے کیا ملے گا — ابھی تو یہاں تخم ہم بو رہے ہیں
بڑا دور دورہ ہے اب خودسری کا — غریبوں پہ کیا کیا ستم ہو رہے ہیں
تگ و دو سے ہنگامہ آرا ہے خلقت — یہاں چادریں تان کر سو رہے ہیں

گئے نل دمن قیس و لیلیٰ جہاں سے
مشیر اور وہ گل بس یہی دو رہے ہیں

گلمرگ (۵) ۲۱ر اگست ۱۹۱۳ء

مُشیر تیرے دلِ حزیں کو حسیں نشانہ بنا رہے ہیں
وہ زعم میں اپنے گُل کی اُلفت کو تیرے دل سے بھلا رہے ہیں

کھلے گا دنیا پہ ظلم اُن کا مجھے لگا ہے اسی کا کھٹکا
وہ میرے داغِ دل و جگر کو عبث تماشا بنا رہے ہیں

ستم پہ اُن کے ستم اُٹھائے۔ ہزار تیر قضا بچائے
وہ تھک کے میرے مقابلہ سے اب ایک عالم کو لا رہے ہیں

چھپائے[1] ہیں آستیں میں خنجر ہے اصل میں دل بھی کینہ پرور
پہ میٹھی میٹھی وہ گفتگو سے سبھوں کے دِل کو لُبھا رہے ہیں

وہ ناسمجھ ہیں نہیں ہے اُن کو تمیز اچھے بُرے کی مطلق
فریب میں دشمنوں کے آکر وہ دوستوں کو جلا رہے ہیں

[1] لفٹنٹ گورنر صوبہ کے مزاج پر نگاہ رکھ کر یہ شعر پڑھا جائے۔

کبھی ہے عارض پہ آتی بلبل کبھی اُدھر پھول پر ہے جاتی
وہ ہاتھ میں اپنے گل کو لیکر نیا تماشا دکھا رہے ہیں

نہیں ہے کوئی جہاں میں جس کا ہو اس کا حامی جہاں ہو جس کا
عتاب ہوگا خدا کا اُن پر جو بیکسوں کو ستا رہے ہیں

بُرے ہیں جو خود وہ دوسروں کو بھی لامحالہ بُرا کہینگے
مشیر بکنے دو اُن سبھوں کو جو تم کو تہمت لگا رہے ہیں

گلمرگ (۶) ۲۷ اگست ۱۹۱۳ء

جو اس نگاہ ناز کی مستی کو دیکھ لیں
وہ دختِ رز کے نشہ کی پستی کو دیکھ لیں

ہے ادّعا نفرتِ بُت جن کو وہ ذرا
کعبہ کو جا کے سنگ پرستی کو دیکھ لیں

کھینچا جو میرے عشق نے اُٹھ کر یہاں چلیں
اُس خانماں خراب کی بستی کو دیکھ لیں

گُل ہاتھ میں لیے ہوئے پھرتا ہوں کو بہ کو
کیا ڈر جو لوگ حُسن پرستی کو دیکھ لیں

دل ہم ہوں لاکھ ظلم نہ جاؤ نگاہ سے میں
نا لوگ میری ملک پرستی کو دیکھ لیں

جو چاہتے ہیں عشق کا کاشانہ دیکھنا
گدیہ[1] کو آ کے وہ میری بستی کو دیکھ لیں

اب آ گئے ہیں یاں تو یہ لازم ہے اے مشیر
ہم اس نگار خانۂ ہستی کو دیکھ لیں

[1] وطنِ شاعر

سری نگر۔ درمیان ۷ و ۸ بجے شام (۷) ۲۹ اگست ۱۹۱۳ء

قانون[1]

مصحفِ پاک بلاشک ہے خدا کا قانون
اس سے کوئی نہیں ہو سکتا ہے اچھا قانون

کام قانون کا ہے حفظ حقوق غربا
رعب دولت ہے جو آئے وہ ہے بودا قانون

یار سے عشق عدو سے بھی مروت رکھنا
میں نے اپنے لیے دیکھو یہ بنایا قانون

جان لیتا ہے مگر تیغِ ادا سے ظالم
اس کو چھو تک نہیں سکتا ہے کسی کا قانون

لاکھ وہ ظلم کریں پر نہ کوئی دم مارے
پھر یہ دعویٰ کہ ہے میرا بہت اچھا قانون

زندگی تک ہے فقط جور و جفا کی ہستی
کیا بگاڑے گا شہیدانِ وفا کا قانون

کھل گیا زعم عدالت کا لفافہ آخر
ہاتھ میں اپنے نذیروں کے جو رکھا قانون

جرم کوئی نہیں بڑھ کر ہے دل آزاری سے
ہیں وہ نادان فرا اُن کو بتانا قانون

خون انساں کا بہانا بھی جو جائز کر دے
کوئی بتلا دو کہ وہ بھی ہے بھلا کیا قانون

[1] یہ نظم کانپور کی مسجد کے واقعہ حالیہ کے بعد اور حکومت کی طرف سے قانونی کارروائی کرنے پر لکھی گئی۔

نوکِ تلوار کی ہے نوکِ قلم کی گویا — خون سے خاک کے صفحے پہ جو لکھا قانون
اپنے حق کی نہ کرے کوئی حفاظت نہ نہار — تم نے کس کنج سے آخر یہ نکالا قانون
ہے جو کاغذ کی قلمرو پہ عدو کا قبضہ — یہ غضب کی ہے عدالت یہ بلا کا قانون
ماہ وش جو ہیں انھیں قتل عمد بھی ہے معاف — اے ستمگر یہ کہاں کا ہے نرالا قانون
فرض ملت کے ادا کرنے پہ مجرم ہونا — کوئی للہ بتا دے یہ ہے کیسا قانون
اُس کو معلوم ہے ہوتی ہے جو قاتل کی سزا — عارفانہ یہ تجاہل ہے کہ ہے کیا قانون
ظلم مظلوم پہ ہو پھر وہ سزا بھی پائے — ہوشیاری سے یہ کیا خوب بنایا قانون
راہِ حق کونسی ہے اُس پہ چلیں سب کیونکر — حیف تجھ پر جو نہ تو نے یہ بتایا قانون
عشقِ گل کی خلش خار سزا رکھی ہے — باغباں نے یہ بنایا ہے پھڑکتا قانون
دل میں آتا ہے جو اُن کے وہی وہ کرتے ہیں — اُن کو معلوم نہیں ہوتا ہے کیسا قانون
ہوں حسینوں کی شریعت میں مظالم جائز — پر نہ بھولیں وہ کہ ہے اک سنتِ اعلیٰ قانون
اپنے قانون پہ ہے فخر تمھیں اہلِ وطن — جان لو پر ہے بہت بڑھ کے خدا کا قانون
قتل کا فیصلہ جو کرتا ہے قاتل کے سپرد — اس میں کیا شک ہے وہ ایک نرالا قانون

جان سے بھی ہے زیادہ جنھیں ایمان عزیز — اُن کا کچھ کر نہیں سکتا ہے تمھارا قانون

کیسے نادان ہیں وہ کہتے ہیں یہ قاضی سے — ہم نے پہلے بھی کئی بار تھا توڑا قانون

قتل کر کے تجھے کیوں لاش چھپائے وہ مشیر — جانتا ہے کہ ہے اس عہد میں اندھا قانون

رنگ اور قوم کے جھگڑے سے بری ہو جو مشیر

کاربند اُس کے ہو تم۔ ہے وہی اچھا قانون

راہ سری نگر۔ کھرو (۸) یکم ستمبر ۱۳ سنہ ۱۹ء

حُسن

جانتے ہو مشیر۔ کیا ہے حُسن
پرتوِ نورِ کبریا ہے حُسن

نرخ ہر شی کا اُس سے بڑھتا ہے
ہم سمجھتے ہیں کیمیا ہے حُسن

دلِ بے لوث و حُسن ہیں ہم جنس
اِس لیے دل کو کھینچتا ہے حُسن

اصل ہر شی کہ ہے وہی شاید
ذرّے ذرّے سے رونما ہے حسن

عشق کا میرے اک کھلونا ہے
گر نہیں یہ تو اور کیا ہے حُسن

دِل کو لیکر وہ چھوڑ دیتا ہے
بے نیاز اور خوش ادا ہے حُسن

کہتے ہیں بن گیا ہے ذرّوں سے
یعنی ترکیب کیمیا ہے حُسن

آسمان و زمیں اُلٹتا ہے
کون کہتا ہے واہما ہے حُسن

طور کو بھی جلا کے خاک کیا
یا الٰہی یہ چیز کیا ہے حُسن

جان دیتے ہیں ہم حسینوں پر
یہ نہیں جانتے کہ کیا ہے حسن

سایہ سا اُس کے ساتھ رہتا ہے — گل پہ میرے مگر فدا ہے حُسن
کوہ و صحرا بھی اُس سے بچ نہ سکے — میں کہونگا کوئی بلا ہے حُسن
جس کو اچھا سمجھ لو اچھا ہے — بس تخیل میں رہ گیا ہے حُسن
جان تازہ وہ بخش دیتا ہے — دل کمزور کی دوا ہے حُسن
ٹکٹکی لگتی ہے اُسی کی طرف — ہے نگہ کا وہ کہربا ہے حُسن
اُس کے ہر ہر ورق پہ لوٹ ہے دل — گُل کا واللہ دلرُبا ہے حُسن
آ کے کشمیر میں ذرا دیکھو — خس و خاشاک میں چھپا ہے حُسن
جب سے آیا ہے گلبدن میرا — میرے گدیہ پہ چھا گیا ہے حُسن
رات دن اُس کو پوجتا ہے مشیر — کوئی بت ہے کہ خود خدا ہے حُسن

جان دیتا اُسی پہ تو ہے مشیر
جس پہ خود ہی فریفتہ ہے حُسن

کشمیر۔ سری نگر ۳۰ اگست ۱۹۱۱ء

ردیف (و)

(۱)

چھپا لیتی ہے نظروں سے کسی کے روئے تاباں کو
یہ اچھی دِلّگی سوجھی ہے اُس زلفِ پریشاں کو

پسند آیا ہے تم کو دل۔ مگر ہے پُر یہ ارماں سے
تمھیں لینا ہے تو پہلے نکالو دل سے ارماں کو

میں پہنچوں پُتلیوں میں کھنچکے جادو یہ ہے آنکھوں میں
ہٹاتے ہو مگر تم جنبشیں دیدے کے مژگاں کو

سرورِ دِل کی خاطر کیوں ہوں دختِ رز کا شرمندہ
میں اپنے دل میں رکھتا ہوں خیالِ چشمِ جاناں کو

برآئیں آرزوئیں تیری دل ہو فکر سے خالی
جو سونپ اپنے کو تو اُس عاجزوں کے میرساماں کو

ہمارے پاس ہے صرف ایک دل اُس کو کسے دیدیں
نگہ کو ناز کو عشوے کو یا اندازِ جاناں کو

جو بستولی[1] کے ویرانے میں وہ گُل ہاتھ آجائے
تصدق میں کروں کشمیر کے سارے گلستاں کو

مشیر بے ریا ہر سمت پھیلی ہے ریاکاری
اُٹھاؤ رخت اپنا تم سنبھالو اپنے داماں کو

[1] شاعر کا ایک اُجاڑ گاؤں لکھنؤ سے صرف تین میل پر بالو۔ نالے۔ تنہائی۔ بے روک ٹوک ہوا۔ صاف ستھرا پانی۔ شاعر کی عزلت پسند طبیعت کے لیئے خاصکر موزوں مقام ہے

کشمیر سری نگر (۲) ۲۶ ستمبر ۱۹۱۱ء

گرمی نہ ہو۔ بہار نہ ہو اور گھٹا نہ ہو
رندوں کو یاد تو کبھی تیری خدا نہ ہو

آزردہ دلِ کشش سے مرا دلربا نہ ہو
یارب اثر ہو جس میں وہ میری دعا نہ ہو

جوشِ جنوں کی روک ہے اچھی کبھی کبھی
میں آپ میں نہ آؤں اگر وہ خفا نہ ہو

ہنستا ہے گل بھی بلبلِ نالاں کے حال پر
دل سب کے پاس ہو پہ دل مبتلا نہ ہو

ڈر جائے دل جو یاد سے روزِ حساب کی
حق تیری معرفت کا خدایا ادا نہ ہو

زینت ہر اک چمن کی ہے گل کی بہار سے
وہ حسن ہی نہیں ہے جو رونق فزا نہ ہو

پھر تو خدا ہی امتِ آفت زدہ کا ہے
گر مہرباں رسولؐ شفیع الورا نہ ہو

الفت کا اقتضا ہے جو کرتا ہے ناز وہ
کیوں چاہو تم مشیر کہ تم پر جفا نہ ہو

قیصر باغ لکھنؤ (۳) ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۱۲ء

مشیر خوب اڑا ہے فریب کھانے کو
سمجھ رہا ہے حیا اُن کے مُنہ چھپانے کو

لبوں کی گل کے ورق تک سائی ہو کیونکر
ہزاروں خار کھڑے ہیں مزا چکھانے کو

لگا یا رات کو دُنبالہ دار کاجل کیوں
جگایا آپنے جادو یہ دِل لُبھانے کو

لپٹ کے نکہتِ گُل سے نسیم آئی ہے
ہمارے دل کو کوئی خوش خبر سنانے کو

حنائے شوخ لگا کر وہ اپنے ہاتھوں میں
چلے ہیں آگ جلے دل میں پھر لگانے کو

وہ عذر خواہ بھی ہوتے ہیں بے رخی پہ اگر
تو اپنے جوہرِ انصاف کے دکھانے کو

کسی کی زلف معنبر کی مست خوشبو نے
بچھا دیا ہے عجب جال دل پھنسانے کو

مٹے ہیں تیرے تبسم پہ کتنے غنچۂ گل
شگفتہ ہوتا ہے تو اور گُل کھلانے کو

دل و دماغ تو نذرِ حبیب کر بیٹھے
یہ آنکھیں رہ گئیں دریائے خون بہانے کو

غبار غرب[1] سے اُمڈا ہے کس بلا کا مشیر
تمہارا نام و نشاں خاک میں ملانے کو

[1] اسلام پر یورش کی طرف اشارہ ہے۔

قیصر باغ لکھنؤ (۴) مارچ ۱۲ ۱۹ء

مکیں کیوں ہو مکاں کیوں ہو زمیں کیوں ہو زماں کیوں ہو
جو فانی ہے عیاں کیوں ہو جو باقی ہے نہاں کیوں ہو

عدو بھی گر سُنے میری کہانی غم سے ہو بیدم
کہے ہمدرد سے جو حالِ دل میری زباں کیوں ہو

مجھے دنیا کے نیک و بد سے جب مطلب نہیں باقی
خیالِ دوستاں کیوں اور خوفِ دشمناں کیوں ہو

حسیں ایفائے پیماں کو خلافِ وضع کیوں سمجھیں
شکن نخوت کی پیشانی پہ حُسنِ شاہداں کیوں ہو

میں ہوں آزادہ رَو۔ دُنیا سبک ہے میری نظروں میں
گراں سر تاج سے جو ہو وہ مجھ سے سرگراں کیوں ہو

لکھا خط میں اُنھیں ہم نے غمِ دل۔ تو وہ لکھتے ہیں
ہمیں باور یہ درد انگیز تیری داستاں کیوں ہو

ہوائے گُل نہ ہو مجھ کو اگر اس باغِ دُنیا میں
مرے دل میں کھٹک کیوں ہو مرے لب پر فغاں کیوں ہو

ہے پرتو جس کے جلوے کا ہر اک ذرّے سے آئینہ
الٰہی حُسن ایسا سات پردوں میں نہاں کیوں ہو

کرشمہ مجھ کو دکھلا دے اگر اِنّی[1] انا کا وہ
تو پھر دل میں مسلمانوں کبھی عشقِ بتاں کیوں ہو

نہ ہو عالم میں کیوں شہرہ مری خالص محبت کا
نہ ہو جب راز ہی۔ کوئی تو کوئی رازداں کیوں ہو

اُدھر آنکھیں اُٹھیں بجلی اِدھر دل پر گری گویا
ادا و ناز سب کچھ ہو مگر وہ جاں ستاں کیوں ہو

مناسب ہے ہمارے واسطے رندی و ہمرستی
جسے ہو زہد کا دعوے اُسے عشقِ بتاں کیوں ہو

[1] کوہ طور پر حضرت موسیٰ جس جلوہ کو دیکھ کر غش کھا گئے اس سے یہی صدا نکلتی تھی۔

جلا دیتے ہیں برقِ حُسن سے وہ کوہ و صحرا کو
اگر ایسے حسیں سب ہوں تو پھر باغِ جہاں کیوں ہو

نہ لائے تابِ ضبطِ غم دل ایسا کیوں ہو سینے میں
کسی سے کچھ کرے شکوہ مری ایسی زباں کیوں ہو

روا رکھا ہے قتلِ بے گنہ تہذیبِ مغرب نے
مگر ایسا مہذب ساکنِ ہندوستاں کیوں ہو

مجھے تم سے محبت ہے تو مجرم اُس سے کیوں ٹھہروں
تمھیں اُلفت نہیں مجھ سے تو نفرت مہرباں کیوں ہو

مشیرؔ غم زدہ کوئی نہیں سُنتا یہاں تیری
مگر غافل ترے غم سے نہیں بیکساں کیوں ہو

راہ گدیہ و لکھنؤ (۵) اپریل ۱۹۱۲ء

مرے دردِ محبت کی اگر کچھ ہے دوا تم ہو
مری موہوم ہستی کا اگر ہے مدعا تم ہو

ہوا وہ محوِ الفت جس سے تم سے لڑ گئیں آنکھیں
عجب جادو نظر تم ہو عجب کافر ادا تم ہو

مرے پہلو میں دل تھا شیشۂ نازک سے نازک تر
اُسے جانا ہے پتھر جس نے وہ نا آشنا تم ہو

تمھارا دم میں بھرتا ہوں مثالِ بلبلِ شیدا
ہے تم سے زینتِ گلشن گل رنگیں ادا تم ہو

مرے دل کی حکومت ہے مرے جسمِ نحیل پر
مگر اُس دل کے اے جانِ جہاں فرماں روا تم ہو

کشش سے جو تمھارے حسن کی ہٹتا نہیں میں ہوں
ٹھہرنا جو مرا دم بھر نہیں رکھتا روا تم ہو

مرے دل میں کبھی حرص و ہوس کا زور رہتا تھا
مگر اب کچھ نہیں اُس میں فقط اے دلربا تم ہو

بُرا ہو اس محبّت کا۔ بھلا ہو حُسنِ دلکش کا
مَیں اپنے آپ سے گُم ہوں مگر میرا پتا تم ہو

مجھے ویرانۂ عالم میں لطفِ خُلد حاصل ہے
گُلِ فرحت اثر تم ہو۔ شمیمِ جاں فزا تم ہو

تمھیں کچھ بھی نہیں معلوم عقل و عشق کے جھگڑے
مرے رازِ دروں سے کس قدر ناآشنا تم ہو

مجھے کیوں ہو تعجب۔ گر تمھیں زاہد کہے کافر
خدا کا گھر یہ دِل تھا جس نے اُس کو ڈھا دیا تم ہو

جو میں پیشِ نظر آئینہ رکھ دیتا یہ کیوں سُنتا
ہمیں جس نے زمانے بھر میں رُسوا کر دیا تم ہو

مرا سر خسرو و خاقاں کے آگے بھی نہ جھکتا تھا
مگر اب پاؤں پر جس کے ہے وہ فرماں روا تم ہو

زمانے سے چلن اب اٹھ گیا ایفائے پیماں کا
وفا میں اب تو یکتا اے حبیبِ باوفا تم ہو

ہوس کی جو گھٹائیں چھا گئیں تھیں ہو گئیں برہم
منور جس نے دل کو کر دیا وہ مہ لقا تم ہو

اندھیرا ہے۔ تلاطم ہے۔ ہوائے تند ہے۔ لیکن
ہمیں ڈر اے محمدؐ کیا۔ ہمارے ناخدا تم ہو

نہ شوقِ جاہ و عزت ہے نہ فکرِ سیم و زر ہم کو
الگ ان سب بکھیڑوں سے مشیر بے نوا تم ہو

(۶)

کشمیر — جون ۱۹۱۳ء

دل درد آشنا نہ ہو۔ گل جاں فزا نہ ہو
یہ کچھ نہ ہو تو دہر میں کچھ اے خدا نہ ہو

دنیا میں جانور بھی بہت سے غیور ہیں
انسان پر ہو تُف وہ اگر باحیا نہ ہو

گر جوشِ انتقام نہ ہو تو نہیں سہی
پر حیف ہے اگر عصبیت ذرا نہ ہو

آئیں وہ کھینچ کے دل کی کشش سے یہاں اگر
پاس رضائے یار ہوس سے سوا نہ ہو

آئیں وہ جذبِ عشق سے کھنچ کر اگر مجھے
اُن کا خیال اپنی ہوس سے سوا نہ ہو

اے یار جب یہاں ہمیں خلوت نہیں نصیب
آؤ چلیں وہاں کہ جہاں دوسرا نہ ہو

دُنیا میں دوست سے نہیں بہتر کوئی مشیر
دُشمن پہ اُس کو جان کہ جو باوفا نہ ہو

انساں سے اپنے عیب چھپا لو مگر مشیر
تدبیر اس کی کیا کہ خدا دیکھتا نہ ہو

کشمیر سری نگر (۷) ۱۹ ستمبر ۱۹۱۱ء

اگر انسان کے دل میں محبت کبریا کی ہو
تو اس دنیا میں کیوں خواہش اسے آب بقا کی ہو

کوئی مشکل نہیں ایسی کہ جو حل ہو نہیں سکتی
اگر ہمت ہو انساں میں اگر رحمت خدا کی ہو

نہیں کوئی بھی بیگانہ ہے میرا نوع انساں میں
مرے دل میں محبت کیوں نہ سب خلق خدا کی ہو

خود اپنے دست و بازو جب کریں مجھ سے دغا بازی
تو پھر اوروں سے کیا امید اے ہمدم وفا کی ہو

مری تربت کو کیوں برباد تو کرتا ہے ٹھکرا کر
کوئی حد بھی تو اے ظالم ترے جور و جفا کی ہو

سبھی انسان ہیں جب ایک تو تفریق پھر کیسی
جہاں میں کیوں نہ عزت ایک ہی شاہ و گدا کی ہو

اگر دُنیا نہ ہو اک خارزار رشک و بدعہدی
تو پھر کیوں جستجو سب کو گُلِ باغ وفا کی ہو

اگر ہو روح تیری اے مشیرؔ آزاد و باہمّت
تو پھر کس واسطے ہیبت تجھے زنجیر پا کی ہو

کشمیر سری نگر ۱۷ ستمبر ۱۹۱۱ء

ردیف (ہ)

بے وفا سے کیا امید رسم و راہ
ہے بہت مشکل محبت کا نباہ

عشق کی پہچان ہے اے چارہ گر
چشم پُرنم ہو زباں پر آہ آہ

لاکھ کانٹوں کی خلش کا خوف ہو
مل رہے گی گُل کے مل جانے کی راہ

عشقِ گُل میں چاہیے بس تاجِ گل
مجھ پہ کچھ زیبا نہیں زرّیں کلاہ

ہم کو دیدو جھونپڑا کشمیر میں
دوسروں کو ہو مبارک قصرِ شاہ

گر ہو آزادی سے رہنا دشت میں
اُس پہ صدقے ہند کے سو عزّ و جاہ

اپنے دل سے تم ستائش لو منیر
جانیے کب دوسروں کی واہ واہ

کشمیر سری نگر (۱) ۲۷ اگست ۱۹۱۱ء

ردیف (ی)

بھری اتنی مے اُلفت کہ چھلکی دل کے ساغر سے
ٹپکتی ہے وہی بن بن کے آنسو دیدۂ تر سے

نہ بولو آکے لیکن رحم کر جاؤ نظارے پر
کہاں تک دیدۂ عاشق نگاہِ ناز کو ترسے

سمجھ کر عاشقِ مژگاں اشارے کرتے رہتے ہیں
رگِ دل کو وہ اکثر چھیڑتے رہتے ہیں نشتر سے

نظر در پردہ جویا کاکلیں بڑھ بڑھ کے طالب ہیں
بچاؤں کس طرح دل آخر اُس بے باک دلبر سے

جو رہبر بوئے گل ہو اور ہوائی ہو جہاز اپنا
ملوں اُس سے گذر کریں پہاڑوں اور سمندر سے

یہ گلگشت اور یہ چشمے یہ سبزہ اور یہ وادی
حبیب اپنا ہو پاس اپنے گھٹا چھا جائے اوپر سے
جو آدم خلد سے نکلے تھے تو کشمیر میں آتے
کہ اس خطّے کا منظر کم نہیں جنت کے منظر سے
ملے کیوں کوئی جھک کر اُس سے جو ملتا نہ ہو جھک کر
ملو تم بھی مشیرِ بے نوا تن کر ستمگر سے

کشمیر سری نگر (۲) ۲۰ر اگست ۱۹۱۱ء

غیر کی مدح سے ظالم مجھے ناشاد کرے
شوخیاں کہتی ہیں یہ جور اب ایجاد کرے

زیرِ لب ہنس کے کہا مجھ سے بوقتِ رخصت
چھوڑ دے دل کو مرے پاس کہ تو یاد کرے

آئے مرنے پہ تو دم بھر کی اذیت کیا ہے
جس طرح چاہے مجھے قتل وہ جلاد کرے

یادِ گل دل میں کھلا دیتی ہے اُمید کے پھول
یاس بن بن کے خزاں کیوں اسے برباد کرے

اُن کا دل سنگ بنا اور مرا دل خون ہوا
دل کو اب حسن اُدھر عشق اِدھر یاد کرے

فرق فردوس بریں سے نہ رہے کچھ باقی
آ کے وہ حور جو کشمیر کو آباد کرے

ہیں وہ خوش بیٹھے کے اغیار کی صحبت میں مشیر
یاد کیوں اُن کو تری آئے کہ نا شاد کرے

کشمیر سری نگر (۳) ۱۸ ستمبر ۱۹۱۱ء

اُن کو غیروں پہ اگر لطف ذرا ہوتا ہے
دل کو یاں شکوۂ صد جور و جفا ہوتا ہے

عشق کی چوٹ سے دل ہار نہ دینا زنہار
درد بڑھ کے پھر آخر کو دوا ہوتا ہے

دور رہتا ہوں تو حسرت کے ستم ہیں دل پر
پاس آنے سے جنوں اور سوا ہوتا ہے

عقل کھو جاتی ہے اور جان پہ بن جاتی
دل کا آنا بھی عجب قہر و بلا ہوتا ہے

کہنے کو ہوتے ہیں دو قطرۂ خوں دل میں مگر
ایک طوفان قیامت بھی بپا ہوتا ہے

ظلم کرتے ہیں وہ اور اُس پہ پشیماں ہوتے ہیں
دیکھ پورانی قسمت کا لکھا ہوتا ہے

دِل کو اُن آنکھوں کی زد سے ہے بچانا مشکل
قدر اندازوں کا کب تیر خطا ہوتا ہے

جز خدا ہم نہ تو رکھتے ہیں کسی سے اُمید
نہ کسی سے ہمیں دُنیا میں گِلا ہوتا ہے

مار کر زندہ کیا کرنے کا ہے شغل اونھیں
حشر اُس کوچے میں ہر روز بپا ہوتا ہے

ایک شقّہ جو کبھی مجھ کو وہ لکھ دیتے ہیں
دلِ بیمار کو وہ نقش شفا ہوتا ہے

نام دُنیا میں چمکتا ہے ہمیشہ اُس کا
مُلک یا قوم پہ جو شخص فدا ہوتا ہے

وجد آتا ہے مجھے دیکھ کے یہ منظرِ خوش
یادِ کشمیر میں بس دل سے خدا ہوتا ہے

جستجو گُل کی ہے تو خار بھی کھٹکینگے مشیر
رہ روِ وادیِ عشق آبلہ پا ہوتا ہے

زدِ دل نہ کہ وہ قوم پہ فدا ہوتا ہے

کشمیر۔ سری نگر (۴) ۱۸ ستمبر ۱۹۱۱ء

دلِ عشاق بھی کیا قہر و بلا ہوتا ہے
درد سے یاس سے حسرت سے بھرا ہوتا ہے

سوزِ پنہاں نے پھکا کرتا ہے دل عاشق کا
برق سے آگ سے کس شے سے بنا ہوتا ہے

سارا عالم مجھے آتا ہے نظر ویرانہ
وہ حبیب دلِ عاشق جو جدا ہوتا ہے

امتحاں ہوتا ہے دن بھر میں ہمارا استوار
اور ہر بار تشدد بھی سوا ہوتا ہے

ماہرو تم ہو مگر ہے دلِ عاشق خاور
سوز خو ہی سبب نور و ضیا ہوتا ہے

کس کو دنیا میں میسر ہوئی راحت اے دل
گلِ نازک بھی تو کانٹوں میں گھرا ہوتا ہے

قتلِ بے جرم سے باز آئیں وہ شوخ آنکھیں کیوں
کافروں کو بھی کہیں خوفِ خدا ہوتا ہے

گفتگو عاشق و معشوق میں درکار نہیں
عشق کا راز اشاروں میں ادا ہوتا ہے

دل کو یوں رام کیا ہے بتِ پُرفن تو نے
خون ہونے سے بھی راضی برضا ہوتا ہے

ہم نے مانا کہ وفا شیوہ عاشق ہے مگر
کبھی معشوق بھی پابندِ وفا ہوتا ہے

مجھ کو اے زاہدِ خود بیں نہ ہو تاکیدِ نماز
دل میں وہ بت ہے وہی تب تو خدا ہوتا ہے

دل مرا جلوہ گہِ ربِ علیٰ ہے زاہد
اس سے کچھ بڑھ کے بھی کعبہ میں مرا ہوتا ہے

ہچکیاں دم بہ دم آتی ہیں تو دکھتے ہیں مجھے
یاد کرنا بھی ترا ایک بلا ہوتا ہے

عاشقی ہی میں کٹی عمر مگر یہ نہ کھلا
پردۂ حسن میں کیا سحر چھپا ہوتا ہے

خلشِ رشک الگ آگ محبت کی الگ
دل عشاق بلاؤں میں گھرا ہوتا ہے

کوئی جادو ہے جو چل جاتا ہے دل پر نہ
قد و قامت میں خط و خال میں کیا ہوتا ہے

اے رسولِ عربی ہاشمی و مطلبی
دیکھیے کب ہمیں پھر یادِ خدا ہوتا ہے

تم کو مجنوں نہ مشیر اُن کی ادائیں کر دیں
رشکِ لیلیٰ پہ انھیں نامِ خدا ہوتا ہے

کشمیر سری نگر (۵) ۲۸ ستمبر ۱۹۱۱ء

مجھے کیا لطف ہو اب گلستاں سے — کہ اک گُل چن لیا باغ جہاں سے
وہ[1] باز آئے ہمارے امتحاں سے — کھلی خود دل کی ہار اُن کی زباں سے
پسند[2] آیا مرا قلبِ وفا دوست — کہا دیکھیں یہ دل پایا کہاں سے
چھپا رکھا ہے مجھ سے دختِ رز کو — یہ شکوہ ہے مجھے پیرِ مغاں سے
لگایا تاک کر کس نے نشانہ — ابھی آیا تھا اُڑ کر آشیاں سے
اُنھیں انکار رہتے ہیں اسی کے — کہ واقف ہوں نہ ہم رازِ نہاں سے
نہ دیکھو مجھ کو تم تیوری چڑھا کر — لگاؤ تیر کیوں ترچھی کماں سے
پلائی خود خدا نے گر نہیں مے — تو آیا نشہ آنکھوں میں کہاں سے
یہ بستولی[4] کا میدان اور برسات — ہمیں اتنا بہت ہے آسماں سے
اگر خواہش ہے آزادی کی تم کو — چلو لندن کو تم ہندوستاں سے

[1] شاعر کے یہ تین بہت پرانے اشعار ہیں بستولی لکھنؤ کے پاس ایک گاؤں ہے۔
جہاں زمانۂ تعلیم میں شاعر اپنے اعزا کے رہتا تھا

محمدؐ ہو گئی اُمت پریشاں مدد کو آیئے باغِ جناں سے
ہے کم اُس کے لیئے کیا عشق کا غم
خفا کیوں ہو مشیرؔ خستہ جاں سے

کشمیر سری نگر (۶) ۲۸ ستمبر ۱۹۱۱ء

اُن کی صورت نظر نہیں آتی
آرزو دل کی بر نہیں آتی

گیسوئے یار بڑھ گئے ایسے
نظر اُن کی کمر نہیں آتی

بوئے گُل ہجر میں نصیب کہاں
کہ ہوا تک اِدھر نہیں آتی

اس مسافت سے جان عاری ہے
جلد اُن کی خبر نہیں آتی

حالِ دل اُن پہ کیا کریں اظہار
بات تک ہم کو کر نہیں آتی

درد فرقت کا اور کیا ہو علاج
موت اے چارہ گر نہیں آتی

پھرتی ہے گُل کی شکل آنکھوں میں
نیند یوں رات بھر نہیں آتی

باغِ جنت سے کم نہیں کشمیر
مہک اُس گُل کی پر نہیں آتی

دل کو کیا اختلاج ہوتا ہے
بوئے گُل اُس کو گر نہیں آتی

مدد اُمّت کی اے رسول کریم
حالت اچھی نظر نہیں آتی

دختِ رز اور تیرا مُنہ یہ مشیر
چل وہ ایسے کے گھر نہیں آتی

کشمیر بری نگر (۷) ۱۹ ستمبر ۱۹۱۱ء

حبیبِ دلنشیں جب سے جُدا ہے
زمیں چلتی ہے یا سر پھر رہا ہے

جہاں دیکھو وہ مجھ پر ہنس رہا ہے
گُلِ نازک کی یہ بھی اِک ادا ہے

شرابِ تلخ کیوں مُنہ سے لگاؤں
تری آنکھوں نے متوالا کیا ہے

نگاہیں مست لغزش بھی قدم میں
تمھیں کہہ دو کہ یہ کیا ماجرا ہے

بلا سے جان اگر تن سے نکل جائے
مرا وہ جانِ جاں مجھ سے جدا ہے

بڑھے ہر دم ترا حُسن اے شہِ حُسن
یہی تیرے فقیروں کی دُعا ہے

ڈر ان مظلوم کی آہوں سے ظالم
خدا کا عرش ان سے کانپتا ہے

نہ جرأت ہے نہ آزادی کی خواہش
الٰہی قوم کی حالت یہ کیا ہے

بتا دو تم مجھے ہندی جوانو
کوئی ہمت گھٹانے پر بڑھا ہے

نہ اتنا زور کمزوروں پہ دکھلا
جو تجھ کو خواہشِ رحمِ خدا ہے

گرے گا جلد یورپ سر کے بل اب
غرور زور حد سے بڑھ گیا ہے

محمدؐ آپ اُمت کی خبر لیں
کٹھن وقت اُس کے سر پر آگیا ہے

گزاری عمر سب عشق بتاں میں
مشیر اب موقع یادِ خدا ہے

کشمیر سری نگر ۲۹ ستمبر ۱۹۱۱ء

جب بے گنہ کا خون بہانا شعار ہے
اچھا ہے ظالموں میں تمھارا شمار ہے

فرماتے ہیں وہ ڈال کے پہلو پہ اک نظر
یہ دل تمھارا ہے کہ ہمارا شکار ہے

پہلو پہ رکھ دو ہاتھ تلطف سے اے حبیب
سینے سے نکلا جاتا ہے دل بے قرار ہے

اے گل کمال حسن کی بیشک مثال تو
خوش تر پہ تجھ سے بھی وہ مرا گلعذار ہے

یارب حرام خمر کا چھوٹا ہوا تو پھر
آنکھوں میں اُن کے کس لیے فطری خمار ہے

ہر لحظہ تیر دل پہ لگاتے ہو تم مگر
تم پر ہزار جان سے پھر بھی نثار ہے

دریا و کوہ وادی و گلگشت و سبزہ زار
کشمیر میں عجیب مزے کی بہار ہے

یہ زرد زرد رنگ۔ ہوائیں یہ سرد سرد[1]
کشمیر کی خزاں میں بھی لطفِ بہار ہے

اُمید کیا فلاح کی ہندوستان کو
دور اس کے نوجوانوں سے حُبِّ دیار ہے

غصّہ میں آکے خون بہانا نہیں درست
بڑھتی ہے قوم وہ جو ذرا بُردبار ہے

سرمستیاں وصال میں اچھی نہیں مشیر
گُل ہاتھ میں اگر ہے تو پاسُ اس کے خار ہے

[1] کشمیر میں خزاں کے زمانہ میں بھی عجیب بہار ہوتی ہے پہاڑ کے پہاڑ بسنتی جامہ پہن کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

(۹)

۱۲ مئی ۱۹۱۲ء

راہ مری دو میل

کہتے ہیں وقت رخصت از راہ بدگمانی
دل چھوڑ دے کہ رکھ لیں ہم تیری نشانی

گل کے ورق لب اُن کے بارِ سیاہ زلفیں
کام اُن کا دلستانی کام اِن کا جانستانی

اوروں سے آپ میرا افسانہ سُن چکے ہیں
میں جاں بلب ہوں سُن لیں اب تو مری زبانی

پیدا کیا خدا نے مارا بتوں نے مجھ کو
بس سرگذشت یہ ہے۔ یہ ہے مری کہانی

یارب کبھی نہ واقف اس راز سے عدو ہو
بدتر ہے موت سے بھی میری یہ زندگانی

کیا کیا نہ راز کھلتے میری وصیتوں سے
خوش ہیں سبھی کہ مجھ کو موت آئی ناگہانی

اے غیب دانِ عالم مجھ کو بھی تو بتا دے
آئے گی کام کس دن میری یہ زندگانی

داغِ گناہ میں نے ڈالے ہیں اپنے دل پر
لیکن یہ داغِ حسرت ہیں کس کی مہربانی

قسمت میں یا الٰہی طوقِ گراں ہے کب تک
کب ہوگی[1] ہم کو حاصل اپنے پہ حکمرانی

آئینہ تک مقابل رکھتے نہیں ہیں اب وہ
نخوت کی اس سے بڑھ کر ہو اور کیا نشانی

گل ہنس رہے ہیں تم پر اور میری عاشقی پر
گلشن میں آ کے تم کو اب آگئی ہے گانی

[1] یہ شوق شاعر کے دل میں زمانہ طفولیت ہی سے ہے۔

اے محتسب قسم لے اپنے ہی تو لہو کی چلّو میں کچھ نہیں ہے انگور کا ہے پانی
دل میں مشیر تیرے کس گل کی ہے محبت کرتا ہے مثل بلبل تو یہ جو گل فشانی

نظمیں مشیر اپنی تم شوق[1] کو دکھا لو
ہے شاعری میں ان کی حسنِ نگارمانی

[1] استاد وقت شیخ احمد علی قدوائی۔

راہ مریٰ و دوویل (۱۰) ۱۲ مئی ۱۹۱۲ء

کر دی نثار تم نے اُس بت پہ زندگانی — اچھی ہی خدا کی نعمت کی قدر دانی

گلشن سے دور ہوں میں گو مبتلائے گل ہوں — اے باغبان ہستی کیسی یہ باغبانی

اُس ماہ رو کو ہوگی پروائے نقد دل کیا — دیکھی ہے[1] مہر انور کی اُس پہ زر فشانی

پُرگرد پا کے مجھکو بولے وہ رحم کھا کر — کیوں خاک میں ملا دی تو نے یہ نوجوانی

دل میں نہیں ہے کچھ اب جز یادِ یار باقی — دینا اُنھیں پیہیے پیغام یہ زبانی

کوئل بتا تو کس نے ننھا سا دل دکھایا — کیوں ہے یہ بے قراری کیوں ہے یہ جاں فشانی

ہندوستاں ہمارا جنت نظیر سارا — پھر بھی نہیں میسّر یاں ہم کو شادمانی

بیداریوں نہ ہوگی اب قوم گر ہماری — ہم صور پھونکدیں گے یہ دلمیں ہمنے ٹھانی

ہم بھی مزے کرینگے آزاد ہو کے اِک دن — سُن لے تو اے ستمگر الہام آسمانی

چلدو طرابلس کو تم اے مشیر فوراً[2]

شاید تمھیں ہو حاصل واں عمر جاودانی

[1] شاعر مع اپنے احباء کے سفر کر رہا تھا کہ ایک بار آفتاب کا عکس سطح آب پر کچھ اس ترکیب سے پڑا کہ پانی کے قطرے ستاروں یا چاندی کی طرح چمک اٹھے۔ اسی عرصہ نے فرمائش کی کہ اس منظر پر شعر ہو۔ شعر خود ان کی تعریف میں ہو گیا "ماہرو" میں بھی ایک کنایت ہے۔ [2] طرابلس کی ترکی و اطالیہ کی جنگ کا انشاء کے دل پر بے انتہا ہے

کشمیر سری نگر (۱۱) جولائی ۱۹۱۲ء

وہ بت اے خدا کیوں خفا ہو رہا ہے
یہ کیا امتحانِ وفا ہو رہا ہے

تجھی کو نہیں ہے ہوس گُل کی بُلبُل
مرا دِل بھی گُل پر فدا ہو رہا ہے

اُنھیں پارسائی کا ہے زُعم ایسا
اِدھر دیکھنا ناروا ہو رہا ہے

وہ خود تو ہیں دِل شاد اُن کی بلا سے
کوئی مبتلائے بَلا ہو رہا ہے

رقیبوں کے آنے کا ہے وقت شاید
وہ بے وجہ مجھ سے خفا ہو رہا ہے

میں آئینہ اُس کا نہ کیوں توڑ ڈالوں
کہ مغرور وہ خود نما ہو رہا ہے

نہ ایسے سے دل کو لگانا تھا تم کو
جو کچھ ہو رہا ہے بھلا ہو رہا ہے

مُبارک ہو اُس بُت کو غیروں کی الفت
مرے دل کو خوفِ خدا ہو رہا ہے

میں پہلو سے دل کھینچکر پھینکدوں گا
یہ غیروں سے کیوں آشنا ہو رہا ہے

نہیں دیتے ہیں خط کا بھی وہ جواب اب
یہ اُلفت کا وعدہ وفا ہو رہا ہے

بہت سوچکے اب تو چونکو خدارا
ذرا دیکھو دُنیا میں کیا ہو رہا ہے

رہیں ہر جگہ پست مشرق کی قومیں
یہ یورپ کو سودا نیا ہو رہا ہے

مشیر اب نہ لینا کبھی نام الفت
وہاں رنگ ہی دوسرا ہو رہا ہے

کشمیر سری نگر (۱۲) جون ۱۲ سنہ ۱۹ء

حُرّیت

اے اہلِ ملک! خوش ہو حُرّیت آ رہی ہے
تسکینِ قلبِ مضطر وہ ساتھ لا رہی ہے

گھر گھر ہوا منوّر آئی وہ ماہ پیکر
دل میں ہر اک کے الفت اُس کی سما رہی ہے

جو جو غلام بن کر تھے مبتلا الم میں
طوقِ گراں سے گردن اُن کی چھڑا رہی ہے

آگاہ کر کے حق سے حق دیدیے ہیں سب کے
علم و عمل کا ڈنکا ہر سو بجا رہی ہے

ہر جھونپڑی میں روشن کر دی ہے اُس نے مشعل
دل میں نئی لگن وہ سب کے لگا رہی ہے

قومیت اور رنگت کے تفرقے مٹا کر
شیر و شکر ہر اک کو اب وہ بنا رہی ہے

اے رحمتِ مجسّم ہو آپ کو مبارک
اسلام کے اصولوں کو وہ سکھا رہی ہے

آزاد ہوں سب انساں حق سب کے ہوں برابر
یہ حکم عام اپنا سب کو سنا رہی ہے

یورپ اور ایشیا کے جھگڑے رہینگے کیونکر
شرق اور غرب کا فرق اب وہ مٹا رہی ہے

عادات مشرقی کو مغرب کا رنگ دے کر
تہذیب نو کا سکّہ دیکھو جما رہی ہے

آزاد ہو گی اک دن خلقت خدا کی ساری
اُمید میرے دل کو اس کی دلا رہی ہے

وہ جرات و حمیت کے جوش کو بڑھا کر
اخلاقِ قوم کو بھی بہتر بنا رہی ہے

مذہب سے اب تعصب تم سب نکال ڈالو
ہر قوم کو سبق وہ اب یہ پڑھا رہی ہے

اے آہوے رمیدہ مجھ کو بھی ساتھ لینا
صحرا سے بھی تو بوئے حریت آ رہی ہے

ہوں عندلیب نالاں گل کی ہوس ہے مجھ کو
وہ بوئے گل بھی دیکھو گلشن سے آ رہی ہے

خوش ہو مشیر تم تو آزاد ہو کے لیکن
کتنوں کے دل غلامی ابتک ستا رہی ہے

سری نگر (۱۳) ۲۴ جون ۱۹۱۲ء

غزل فارسی

باغیر مے بنوشی والہ چہ پارسائی
جانم بہ غم بسوزی وہ وہ چہ مہ لقائی

اے دوست تا بنالم از کلفتِ جدائی
جانم رسید بر لب وقت است باز آئی

دل دادۂ بغیرے باغیر آشنائی
خوں کردۂ دلِ ما تو خوب دل رُبائی

افسانۂ دلِ ما از دیگراں بگوئی
باغیر ہمنشینی۔ باغیر ہمنوائی

دل نقد خوب بودہ کردم نثار رویت
لیکن ز تو نہ دیدم جُز جور بے وفائی

اے شوخ عشق چشمت دانی بہ من چہا کرد
دِل در وا شنا شد جاں نذر کج ادائی

مدہوش جام عشقم۔ از خود خبر نہ دارم
برپا جہاں تو کردی خوش خود نما خدائی

حالِ دِلم کہ خوں شد از دیگراں چہ گویم
بر من حبیبِ من زد صد تیرِ کج ادائی

اے رحمتِ دو عالم بر من بکن نگاہے
مقبولِ دو جہانی۔ محبوبِ کبریائی

از گردنم جدا کن ایں حلقۂ غلامی
حُرّیت جفا کش۔ کے آئی تو کجائی

اے عندلیب از گُل حالم چرا نہ گوئی
من بے نوا مشیرم تو مرغِ خوش نوائی

قیصر باغ لکھنؤ (۱۴) ۱۹ نومبر ۱۹۱۱ء

یہ خطرہ[1] مجھے بیگماں ہو رہا ہے — کہ اسلام اب بے نشاں ہو رہا ہے
مراکش گیا اور مٹا ملک ایران — غضب کیوں یہ اے آسماں ہو رہا ہے
وہ بیمار[2] مشہور جو سخت جاں تھا — صد افسوس اب نیمجاں ہو رہا ہے
ہر اک جا پہ بلقان میں کشت و خوں ہے — وہاں ہر زمیں خوں چکاں ہو رہا ہے
نظر آ رہے ہیں وہ توپوں کے شعلے — کہ میدان آتش فشاں ہو رہا ہے
وہ مقتل ہے اسلام کے حامیوں کا — جہاں بحر احمر رواں ہو رہا ہے
بہم مل کے سینہ سپر ہوں مسلماں — کہ اب حملۂ جاں ستاں ہو رہا ہے
یتیموں کی فریاد جاں سوز سن کر — ہمیں بھی تو جینا گراں ہو رہا ہے
کہاں تک اٹھائے وہ صدمہ پہ صدمہ — دلِ مبتلا ناتواں ہو رہا ہے
کہاں سو رہا قافلہ کا نگہباں — کہ گمراہ اب کارواں ہو رہا ہے

[1] یہ غزل زمانۂ علالت و زمانۂ آلام اسلامی کی ہے۔

[2] ترکی

کہیں اب نہ بلبل نہ غنچہ نہ گُل ہے گلستاں میں دورِ خزاں ہو رہا ہے

مشیر اب نہیں وقت غفلت کا باقی

بس اب آخری امتحاں ہو رہا ہے

مشیر دل شدہ تیری یہ حالت ہوتی جاتی ہے
کہ تجھ کو دیکھ کر الفت سے نفرت ہوتی جاتی ہے

قیامت ڈھا گئیں بلبل یہ گل افشانیاں تیری
جسے دیکھو اُسے تجھ سے رقابت ہوتی جاتی ہے

تجھے کس ماہرو سے اے دلِ مضطر محبّت ہے
کتاں کے مثل اب کیوں تیری حالت ہوتی جاتی ہے

سُنا اغیار سے چرچا جو میرے عشق کا اُس نے
کہا اس عشق سے مجھ کو عداوت ہوتی جاتی ہے

خدا کے گھر پہ بھی اصنام قبضہ کرتے جاتے ہیں
ہر اک دل کو اُنھیں سے اب محبت ہوتی جاتی ہے

اُدھر حُسن جنوں انگیز۔ اِدھر عشق جنوں افزا
گھرا ہے دل بلاؤں میں مصیبت ہوتی جاتی ہے

تجھے کس مہ لقا کے زلف پیچاں کا ہوا سودا
یہ کیوں دیوانوں کی سی تیری صورت ہوتی جاتی ہے

کسی کے عشق میں محویت اپنی بڑھ گئی ایسی
کہ عالم کے مشاغل ہی سے نفرت ہوتی جاتی ہے

عیادت کو میری آیا مرا گل پیرہن شائد
کہ خوشبوئے گلِ نورس سے فرحت ہوتی جاتی ہے

کسی کو کیا بھروسا ہو کسی پر اس زمانے میں
کہ کمیابِ زمانہ اب شرافت ہوتی جاتی ہے

یہ گلزار[1] حبیبِ دلربا مجھ کو غنیمت ہے
دلِ بیمار کو یاں کچھ تو راحت ہوتی جاتی ہے

[1] نام شاعر کے ایک باغ کا

کہاں یہ باغ یہ منظر یہ قادر[1] گنج کا ٹیلہ
پڑا رہنے دو یاں مجھ کو کہ صحت[2] ہوتی جاتی ہے

بُرا ہے یا بھلا گدیہ پھر آخر ہے وطن اپنا
زیادہ اس سے ہر دم میری الفت ہوتی جاتی ہے

مدد کو آیئے اے رحمتِ عالم ذرا جلدی
کہ نازک آپ کی اُمّت کی حالت ہوتی جاتی ہے

نشانِ شوکتِ توحید آیا ہے جو مٹنے پر
مشیر اس عالمِ فانی سے نفرت ہوتی جاتی ہے

[1] شیخ غلام قادر جن کی سرکردگی میں بکسر کے میدان میں قدوائیوں نے شاہ شجاع کے ساتھ اپنے ملک پر جان نثاری کی داد دی تھی ان کے نام سے گدیہ میں ایک قلعہ اور ایک گنج آباد تھا۔ اب محض ایک ڈھیر ہے اور کچھ نہیں۔ بکسر میں بارہ سو قدوائی ایک ساتھ شہید ہوئے

[2] شاعر کو کشمیر میں قلبی حرکت کے رُکنے کے دورے شروع ہو گئے۔ گدیہ آ کر کچھ افاقہ ہوا تھا۔ گو اسی میں پھر ولایت جا کر بہت عرصہ کے بعد کمی ہوئی۔

کشمیر سری نگر (۱۶) ۲۴ مئی ۱۹۱۳ء

ہند

اے ہند تیری الفت دل میں سما رہی ہے
کچھ کچھ ضرور تجھ میں رعنائی آ رہی ہے

علم و ادب میں تیرا کوئی نہ تھا مقابل
تاریخ تیرے قصّے مجھ کو سنا رہی ہے

اے ہند مجھ کو پیارا سارے جہاں سے ہے تو
تیری نرالی سج دھج دل کو لُبھا رہی ہے

گو اجنبی سے اُلفت تو نے بڑھائی لیکن
دل میں مرے محبت تیری سما رہی ہے

رحمت خدا کی ہو گی اُس پارٹی پہ بیشک
زنجیر سے جو گردن تیری چھڑا رہی ہے

قومِ فرنگ کا ہے۔ اے ہند تجھ پہ احساں
حرفت کے راستہ وہ تجھ کو بتا رہی ہے

عاشق ہوئے ہیں تیرے پھر نوجواں ہزاروں
افسردگی پھر اب کیوں چہرے پہ چھا رہی ہے

پیدا کیے ہیں تو نے ہر ہر ہنر میں یکتا
جن کی ذکاوت اپنا سکّہ بٹھا رہی ہے

بنگالہ کی ذراست کا غلغلہ مچا ہے
یورپ کی عقل کو جو نیچا دکھا رہی ہے

موجود تجھ میں ہیں اب وہ خوش بیاں مقرر
کوئل بھی جن کی خوبی کے گیت گا رہی ہے

ہے گو کھلے سے بہتر۔ اے ہند کون لیڈر
دل کو ہر اک کے اس کی گفتار بھا رہی ہے

رابندرا سے شاعرا و شوق سے سخنور
تیری زمین اب گل ایسے کھلا رہی ہے

وہ بمبئی کے تاجر جن کے مقابلہ سے
قوم فرنگ پر بھی دہشت سی چھا رہی ہے

تحریک وہ سودیشی بڑھ بڑھ کے آج کل جو
مغرب کے تاجروں پر رَدا جما رہی ہے

پنجاب کی وہ جنگی اقوام جن کی ہیبت
شیر ژیاں کے دل کو بھی اب ہلا رہی ہے

یہ سرزمیں اودھ کی زرخیز و عقل پرور
کیا کیا نئے شگوفہ اب یہ کھلا رہی ہے

ق

اک انجمن بنی ہے کعبہ کے خادموں کی
عزّ و وقار تیرا اب وہ بڑھا رہی ہے

مفلس کو بھی تونگر تو نے بنا دیا ہے
کھنچ کھنچ کے تیری دولت یورپ کو جا رہی ہے
تیرا ہی تو ہے لڑکا وہ بوس جس کے آگے
تہذیب مادّی بھی سر کو جھکا رہی ہے
روحی صفائی تیری ایسی ہوئی ہے غالب
یورپ کو بھی وہ بندہ اپنا بنا رہی ہے
وہ دن گئے کہ ہندی آپس میں لڑ رہے تھے
اب تو وطن کی اُلفت سب کو ملا رہی ہے
اے ہند۔ دلربائی تیری ہے روز افزوں
چہرے پہ تیرے رونق کیا خوب آ رہی ہے
قدرت کے منظروں سے دلچسپیاں جنھیں ہوں
بلو صبا یہ اُن تک پیغام لا رہی ہے

ق

کشمیر میں ہوا ہے تفریح دِل کا ساماں
بوئے گل دمیدہ جنگل سے آرہی ہے

اے اہل ہند سب کچھ موجود ہے یہاں پر
پھر کیوں نظر تمھاری یورپ کو جارہی ہے

منزل سے چل رہا ہے اب قافلہ ہمارا
بانگ جرس برابر گدیہ سے آرہی ہے

ہاں اے مشیر دیکھو مشعل وہ بجھ نہ جائے
ظلمت میں راستہ جو سب کو دکھا رہی ہے

سری نگر (۱۷) ۱۴ اگست ۱۹۱۳ء

مشیرِ زار سر گرمِ فغاں ہے — یہ کس گُل کی محبت کا نشاں ہے
یہ کیوں حرص و ہوس شور و فغاں ہے — جو کانی زندگی کو نیم ناں ہے
فقط ہے نامہ و پیغام باقی — وہ لطفِ ہم نشینی اب کہاں ہے
وہ گُل ہے جس کے دل میں جلوہ آرا — نگہ میں اُس کی کیا حورِ جناں ہے
نظر میں کیا ہے اب فتحِ دو عالم — وہ کیوں جوڑے ہوئے تیر و کماں ہے
کہاں جائیں خدایا بچ کے اب ہم — کہ سر گرمِ تظلّم آسماں ہے
کیا کس کو ستم گر نے تہِ تیغ — یہ کس کے خون کا دریا رواں ہے
ترے عاشق کو یکساں خلد و دوزخ — تپِ الفت سے جلتا ہی جہاں ہے
کیا ملّت پہ جس نے جان قرباں — میسّر اُس کو عمرِ جاوداں ہے
چراغِ گل شدہ بر لوحِ سادہ — یہی بس اب نشانِ بے نشاں ہے

وہ گُل بُلبل کا نغمہ سُن کے بولا
کہاں میرا مشیرِ خوش بیاں ہے

میرٹھ ۲۱ر اگست ۱۹۳۳ء

(۱۸)

بیکس مشیر سے وہ دعا صبح و شام لے
گرتے ہوئے کو جو ذرا ہمت سے تھام لے

غلطیں جو خود ہی کرتا ہے اوروں کے جان کے
پھر کیوں کسی کے خون کا وہ اتہام لے

سفاکیوں پہ تیری مجھے ڈر لگا ہے یہ
وہ منتقم نہ تجھ سے کہیں انتقام لے

فیاض وہ ہے بخش دے نعمت جو بے شمار
فی طالب صلہ ہو نہ اجرت نہ دام لے

دل چھین کر زبان بھی عاشق کی کاٹ دی
تا پھر نہ عاشقی کا وہ دلدادہ نام لے

اس عالم ظہور کی حالت کھلی تو کیا
روشن جو دل کا حال کرے تو وہ جام لے

غافل ہیں لوگ اپنے فرائض سے اے مشیر
تو نشتر سخن سے ذرا اب تو کام لے

سری نگر (۱۹) ۲۲ اگست ۱۹۱۳ء

شاعر سے خطاب

ہے زمیں شورِ سخن تو گلستاں کر دے
ریزۂ سنگ کو بھی ماہ درخشاں کر دے

یاس کے ابرِ سیہ کو تو ہٹا دے سر سے
مہرِ امید کو تو خوب نمایاں کر دے

آئنہ دل کا مجلّا و مصفّا ہو جائے
چشمِ تاریک کو بھی شمعِ شبستاں کر دے

ظلم کو صفحۂ ہستی سے مٹا دے فوراً
دلِ ناترس کو تو خوف سے لرزاں کر دے

زندگانی میں پھر آجائے حلاوت تازہ
غم کے لشکر کو بھی تو بے سر و ساماں کر دے

ہوگئی ہے تنِ لاغر کو دوا سے نفرت
جسم صد زخم کو منت کشِ درماں کر دے

دل حاسد کے لیے تیرا قلم ہو برچھی
سامنے ہو جو دوات اُس کو نمکداں کر دے

منکشف کر دے تو حالِ دل ہر عربدہ جو
جو ہیں خود بین و خود آرا اُنھیں حیراں کر دے

تیرا ہر شعر فصاحت کا نمونہ بن جائے
روستا کو بھی سخن تیرا زباں داں کر دے

ہاں اگر زور ہے اشعار میں تیرے شاعر
قوم کو ہند کی بہبود میں کوشاں کر دے

دل نشیں کر دے ہر ایک کے صفت جود و کرم
یعنی دنیا میں ہر اک کو تو مسلماں کر دے

نقش تو کلمۂ توحید کو کر دے دل میں
اور تثلیث کے دفتر کو پریشاں کر دے

نخوت و جبر و خودی کو تو فنا کر دے مشیر
ان درندوں کو بھی مشرب کے توانساں کر دے

خونِ ناحق نہ چھپائے سے چھپے گا قاتل
لاکھ لاشوں کو نگاہوں سے تو پنہاں کر دے

تے گدیا میں اگر میرا گلِ اندام کبھی
میرے اس کلبۂ احزاں کو گلستاں کر دے

سیرِ کشمیر میں کیا دل کو لگا ہے مشیر
اس کو تو وقفِ خیالِ رخِ جاناں کر دے

آئنہ کر تو نئی قسم کا ایجاد مشیر
من و عن دل کی جو حالت کو نمایاں کر دے

سری نگر۔ صبح ۳۱ اگست ۱۳ ۱۹ء

قلم

(۲۰)

مرض مجھے کو لکھنے کا جب سے ہوا ہے
مرے درد کی اے قلم تو دوا ہے

تری نوک اک کلک نشتر ہے لیکن
مجھے اس نے امرت بھی اکثر دیا ہے

حبیب دل و دل میں جو فاصلہ تھا
قلم کی بدولت بہت کچھ مٹا ہے

ہوا کس قدر ہے وہ تسکین خاطر
کسی کے قلم سے جو نامہ ملا ہے

سیاہی میں تیری ہے کیا روشنائی
کہ اس سے منور جہاں ہو گیا ہے

زبان بشر ہو گئی جب ہے قاصر
تو اس کا بھی تو کام کرنے لگا ہے

خیالات پاکیزہ کو اس جہاں میں
قلم۔ عمر جاوید تو بخشتا ہے

زمیں کی طنابیں بھی کھینچی ہیں تو نے
کہ شرق اور غرب ایک تو نے کیا ہے

صحائف ادھر کے ادھر جا رہے ہیں
یہ امداد سے تیری ممکن ہوا ہے

قلم تو ہے افزائش روح انساں
اضافہ تمدن میں تجھ سے ہوا ہے

عرب کے وہ اہلِ قلم جن سے یورپ ابھی تک سبق پر سبق لے رہا ہے
وہ یونان اور ہند کے فلسفی بھی قلم ہی سے اُن کا بھی شہرا ہوا ہے
وہ نامہ نگاران اخبار جو ہیں زمانہ میں ہنگامہ جن سے بپا ہے
پہونچتے ہیں ہر رزم اور بزم میں وہ ق قلم اُن کی تلوار۔ اُن کا عصا ہے
زبانِ بشر ہے خدا کی بنائی مگر اُس سے تیرا اثر دیرپا ہے
چلاتے تھے جو تیر و شمشیر و خنجر اُن ہاتھوں پہ بھی اب تو قبضہ ترا ہے
دلوں میں اُتر جاتی ہے نوک تیری نہ پہونچی جہاں تیغ تو جا رہا ہے
کہاں زور تیرا سا تلوار پائے بہت دور سے کام تو کر سکا ہے
یہ مانا کہ ہے زیرِ شمشیر جنت پہ شمشیر پر خود ہی سایہ ترا ہے
یہ دیکھا ہے ہم نے کہ شمشیر بھی اب وہی کرتی ہے جو کہ تو چاہتا ہے
مقابل میں توپ و تفنگ آئینگے کیا ترا زور دنیا میں سب سے سوا ہے
قلم میں یہ خوبی بھی دیکھی ہے ہم نے وہی زخم کاری کا مرہم بنا ہے
وہ دل جو کہ تلوار سے مضطرب تھے قلم نے دلاسا اُنھیں بھی دیا ہے

بُرا کیا ہو گر تیغ دنیا سے جائے — بہت قیمتی خون اُس نے پیا ہے
قلم ہاں سلامت رہے تا قیامت — کہ خدمت وہ انسان کی کر رہا ہے
قلم کا رہے بول بالا خدایا — زمانہ میں امن اُس سے برپا ہوا ہے
مشیر آپ اپنا قلم پھر سنبھالیں — پھر اب کام کا اُس کے وقت آگیا ہے
یہ کیا ہو گیا ہے تمھیں اے مشیر اب — قلم کی جگہ ہاتھ میں گل لیا ہے

قلم ہاتھ سے چھوڑنے کی سزا ہے
کہ شمشیر[1] سے سر قلم ہو گیا ہے

[1] شمشیر کا "ش" نکالنے سے "مشیر" رہتا ہے

۳۰ اگست ۱۹۱۳ء

سری نگر ۶ و ۷ بجے صبح

(۲۱)

سچ

مجھ کو اس دہر میں ہر چیز سے پیارا سچ ہے
زندگی کا مری دنیا میں سہارا سچ ہے

ایک کے آئیں مقابل میں ہزاروں لیکن
فتح اُس سمت ہے جس سمت صف آرا سچ ہے

کوئی حاجت نہیں ملبوسِ مُطلّا کی اُسے
گلِ تازہ سا خوش انداز و خود آرا سچ ہے

لاکھ ہو زہرِ ہلاہل سے بھی بڑھ کر کڑوا
میری خوگر ہے زباں مجھ کو گوارا سچ ہے

خود بخود ہوتی ہے انساں کی طبیعت مائل
واہ کیا خوب دل آویز و دل آرا سچ ہے

خاک کر دیتا ہے بال کو جلا کر دم میں

برق جوالہ کے مانند شرارا سچ ہے

مصلحت بینی مبارک ہو تمھیں اہل فرنگ

جو انا الحق کہے سولی پہ ہمارا سچ ہے

بحر احمر میں بھی ڈوبے نہ زبان حق گو

غرق ہو کر بھی جو لیتا ہے ابھارا سچ ہے

صاف تلوار کے منہ پر بھی کہیں گے ہم سچ

سچ تو یہ ہے ہمیں تو جان سے پیارا سچ ہے

لے لیا خالق مطلق سے ہمیشہ کے لیے

جس نے بخشائش عاصی کا اجارا سچ ہے

تم اکیلے تھے مقابل میں مشیر اک عالم

جس نے غالب کیا تم کو وہ تمھارا سچ ہے

۱۳ ستمبر ۱۹۷۱ء

مری نگر

"عورت"

(۲۲)

جنس نازک ہے ہر اک دل میں محبت تیری
وہ بشر ہی نہیں جس کو نہ ہو الفت تیری

جنس نازک کا لقب تجھ کو ملا ہے اس سے
دل کو ہر شخص کے بھاتی ہے نزاکت تیری

حور دنیا میں جسے دیکھنا ہو مدِ نظر
لے گل اندام۔ وہ بس دیکھ لے صورت تیری

نہیں بیجا تجھے ایثار مجسّم کہنا
ہر ادا سے تیری ظاہر ہے شرافت تیری

دوسروں کے لیے ہوتی ہے حریفِ تکلیف
اور کیا بڑھ کے ہو اب اس سے شجاعت تیری

کم سنی میں بھی نہیں ہوتی ہے فرصت دَم بھر
گھر کے سب کام اُٹھا لیتی ہے طاقت تیری
شوہروں کے لیے مونس نہیں تجھ سے بڑھ کر
رنج و غم اُن کا بٹا لیتی ہے ہمّت تیری

اور اولاد کی تو روح رواں ہے تو ہی
دودھ بن بن کے ٹپکتی ہے محبت تیری
صبر اور حلم کی دیوی تجھے کہتا ہے روا
مشکلیں کتنی اُٹھاتی ہے نزاکت تیری
ساتھ دیتی ہے سبھوں کا تو بُرے وقتوں میں
باعثِ راحت خاطر ہے رفاقت تیری
تیرے ہی دم سے یہ آباد ہوا ہے عالم
چاہیئے سب کو ہے اک وقت حفاظت تیری

خون دل اپنا پلاتی ہے تو ہر بچہ کو
باعث قوت عالم ہوئی قوت تیری

کھدی[1] خالق نے تیرے قدموں کے نیچے جنت
اس سے اب بڑھ کے کرے کیا کوئی عزت تیری

تجھ کو اتنا نہیں سمجھا تھا کسی مذہب نے
جیسی اسلام کے باعث ہوئی عظمت تیری

اور قوموں کے دلوں میں بھی تیری الفت تھی
پر مسلماں پہ ہوئی فرض اطاعت تیری

ماں کی عزت کو بڑھایا ہے مسلمانوں نے
یوں تو تھی نفس کی خاطر سے عبادت تیری

اور چیزیں بھی ہیں دنیا میں خوش انداز و حسیں
دل و جاں لیتی ہے پر گل سی نفاست تیری

[1] الجنت تحت اقدام الامہات

تیرے اوصاف ہیں دونوں ہیں یہ مقبول مشیر
ہو وہ ایثار کہ سے لوث محبت تیری

سری نگر ۲۵ اکتوبر ۱۹۱۳ء

"یارب تو ئی"

مالکِ ہر دو جہاں یارب تو ئی
خالقِ کون و مکاں یارب تو ئی

رحم کُن بر خاکسارانِ جہاں
دستگیرِ بیکساں یارب تو ئی

رزقِ ہر نیک و بد است از دستِ تو
غم گسارِ این و آں یارب تو ئی

نفس امارہ کند میلِ گناہ
جرم بخشِ عاصیاں یارب تو ئی

نے دِل و نے دیدہ دارد زینہاں
ہر کہ گوید بے نشاں یارب تو ئی

مظہرِ ذاتِ تو شد ایں کائنات
مصدرِ روح و رواں یارب تو ئی

حُسنِ ظاہر پرتوے نورِ تو ہست
دِل ستاں عاشقاں یارب تو ئی

"اھدنا" یارب صراط المستقیم
وارثِ ہر خستہ جاں یارب تو ئی

گُل ز تو شد دلربا و جاں فزا
بوئے خوش در بوستاں یارب تو ئی

خاکداں را تو گلستاں کردئی
ہر چمن را باغباں یارب تو ئی

شد دلم جائے قیام تو اللہ خلق گوید لامکاں یارب توئی
در امانش دار از ظلم و جفا حافظِ ہندوستاں یارب توئی
مصطفیٰ را جانِ خود گوید مشیر
باز گوید جانِ جاں یارب توئی

کشمیر ۱۹۱۱ء

عرضِ حال بجناب سرورِ کائنات رحمۃ للعالمین صلعم[1]

عاجز نوازِ تم پہ دل و جاں نثار ہے
مصروفِ عرضِ حال یہ خدمتگذار ہے

تم سرورِ دو عالم و سردارِ دو جہاں
پھر بھی تمہاری اُمّتِ مرحومہ خوار ہے

بیٹھے ہو جا کے خلد میں یا سیّدِ امم
حالت یہاں ہماری تباہ و نزار ہے

تدبیر اب ہمارے سنبھلنے کی کیا رہی
فاروقِ اعظم اور نہ وہ یارِ غار ہے

جھٹکا لگا ہے وہ کہ زمیں پر گرے ہیں ہم
سر ٹھوکروں سے سنگِ سرِ رہ گذار ہے

اعدا نے تیر تاک کے ایسے لگائے ہیں
جن سے جگر بھی خستہ ہے دل بھی فگار ہے

سب خانہ جنگیوں میں گیا زور قوم کا
باقی نہ اب وہ شان نہ وہ اقتدار ہے

حلقے ہیں دشمنوں کے اکیلے گھرے ہیں ہم
دلسوز کوئی ہے نہ کوئی غمگسار ہے

مفلس ہیں بے ہنر ہیں نہ دولت نہ علم ہے
احوال اپنا قابلِ صد انتشار ہے

[1] ۱۹۱۱ء میں یہ عرضِ حال جنگ طرابلس و بلقان پر کہی گئی تھی یہ دو بیتیں اشعار ۱۹۱۳ء میں اضافہ ہوئے

وہ لوگ کیا ہوئے جو یہ کہتے تھے فخر سے — اسلام تیرے نام پہ سب کچھ نثار ہے

کیا مال ہیں نہ زر اور جواہر کہ جان تک — قربان برقراری قومی وقار ہے

یادِ عروج و شانِ گزشتہ ہے رات دن — ماتم ہی غم ہی سوز ہی دل سوگوار ہے

باغِ مراد پر ہوا بادِ خزاں کا دور — جو تھا گلِ نشاط وہ اب مثلِ خار ہے

دلِ مضطرب داغ کو جگر میں درد — حالت پہ اب ہماری جہاں اشکبار ہے

نرغہ ہے دشمنوں کا ہجوم حراس بھی — سینہ ہے پاش پاش کلیجہ فگار ہے

مٹنے لگا ہے عظمت و شوکت کا ہر نشاں — عزت نہ رہ گئی ہے نہ قومی وقار ہے

اوصاف ہم میں کوئی بھی باقی نہیں ہیں اب — عثمان سا نہ خلق نہ وہ انکسار ہے

وہ دبدبہ وہ صولت و حشمت ہے زیرِ خاک — دلسوز اب تو ایک چراغِ مزار ہے

وہ ولولہ وہ جوش وہ جرأت نہیں ہے اب — اسلام ایسی قوم سے خود شرمسار ہے

آپس میں رحم ہے نہ مروت نہ اتفاق — کیا اے رسول تم کو بھی اب ہم سے عار ہے

اچھے ہیں یا برے ہیں تمہارے غلام ہیں — منسوب تم سے ہیں یہ بڑا افتخار ہے

طوفان ہے ابر و باد ہیں گرداب ہے مگر — بیڑے کی ناخدائی کرو تم تو پار ہے

اے سونے والے خاکِ مدینہ کے جاگ جاگ
پھر قوم رہنمائی کی اُمیدوار ہے

چاروں طرف سے گھیر لیا دشمنوں نے پھر
درکار شیرِ حق کی وہی ذوالفقار ہے

خشکی پہ جس نے ناؤ چلائی تھی یکبار
یاد آتی اُس کی آج ہمیں بار بار ہے

آجائے پھر وہ روح کہ پڑ جائے جس سے جان
وہ جان جس پہ زور کا دار و مدار ہے

اُمت ہیں ہم تمھاری تم اللہ کے حبیب
موقوف تم پہ مرحمتِ کردگار ہے

باندھو کمر شفاعتِ اُمت پہ یا رسول
وہ مانے یا نہ مانے اُسے اختیار ہے

حرمت حرم کی ہم سے ہے گر ہم نہیں تو پھر
کعبہ بتوں کا گھر عرب اُن کا دیار ہے

وحدت کا بھید کون بجائے گا پوچھ لو
تم کو نصیب قربِ بتِ پروردگار ہے

کس کو ملے گی خدمتِ بیت الحرم پھر
ہم سے زیادہ کس پہ اُسے اعتبار ہے

جان اپنی اُس کے نام پہ صدقے کریگا کون
وہ کون ہے کہ موت جسے خوش گوار ہے

سینے میں کس کے قوتِ وجدانیہ ہے وہ
دُنیا کے سارے زور پہ جو زوردار ہے

یورپ سے ایشیا کو بچائے گی کون قوم
تلوار کس کے ہاتھ میں نصرت شعار ہے

اُس ظلم سے جہان کو کردیگا کون پاک
بڑھ بڑھ کے جو زمانے کو ناگوار ہے

"رحمت" لقب تمھارا ہے پہنچو مدد کو تم — مٹ جائے ہر جگہ جو بپا خلفشار ہے

اُمّت پہ اب تمھاری نگاہیں جہاں کی ہیں — اس واسطے تمھاری ہی پھر اب پکار ہے

توحید کا علم ہو بلند اے رسول پھر — تثلیث سے مقابلہ پھر ایک بار ہے

پھر کوہ اور دشت اُسی کلمے سے گونج اٹھیں — جس میں جلال حضرت والا تبار ہے

پھر اتفاق و علم سے مضبوط ہو یہ قوم — اسلام کو زمانے میں یہ انتظار ہے

یکدل ہوں یک زباں ہوں مسلمان جہاں میں پھر — مٹ جائے تاکہ قوم کو جو اضطرار ہے

کچھ موت و زندگی کی نہ پروا ہمیں ہو پھر — دیں راہ حق میں جان کہ قومی شعار ہے

نخوت کا نام لے نہ کوئی پھر جہان میں — وہ سر بھی آئے خاک پہ جو تاجدار ہے

پھر قوم کے دلیر نظر آئیں سر بکف — میدان پھر وہی ہو وہی کارزار ہے

پھر آئیں افسری کے لیے خالد و ظفر — پھر ہم پہ فتح روم کا سودا سوار ہے

بلقان میں نصیب ہو نصرت کہ اُس پہ اب — اسلام کے وقار کا دار و مدار ہے

ہل چل کے سب بنائیں ہزاروں جہاز ہم — اب سطح آب ہی پہ اگر گیر و دار ہے

ہل چل جہاں میں پھر وہی مچ جائے ایکبار — ابتک ہر ایک ملک میں جو یادگار ہے

زیرِ علم ہو مشرق و مغرب کی سرزمیں یہ آرزو مشیر کی لیل و نہار ہے

اسلام اور نام محمدؐ رہے بلند

جب تک کہ اے خدا یہ جہاں برقرار ہے

ذیل کا خط یوسف علی صاحب کو مہراج گنج ضلع رائے بریلی سے نومبر ۱۹۰۲ء میں بذریعہ ڈاک بھیجا گیا تھا۔ اور ۱۹۰۶ء میں جب شاعر کے دوست شیخ عبدالقادر صاحب قسطنطنیہ میں اس کے ساتھ تھے تو اتفاق سے اُس کا مسودہ نظر آگیا جس کو انھوں نے بہت اصرار سے لیکر اپنے رسالہ مخزن لاہور میں چھپوا دیا اس لیے کہ ان کو اس کا مضمون بہت پسند آیا اب جبکہ عدم موالات اور ترک ملازمت کا شہرہ ہو رہا ہے شاعر کے بیس برس اُدھر کے خیالات کی اشاعت بیجا نہ ہوگی۔ اس زمانہ کے کچھ ہی عرصہ بعد شاعر ملازمت سے مستعفی ہو کر ولایت چلا گیا تھا۔ اور اس طرح اُس نے اُسی زمانہ میں عدم تعاون کیا جب کسی اور کو اس کا خیال بھی نہ تھا

خط

یوسف تم کو لکھوں تو کیا ہو؟ بگڑو۔ بیزار ہو۔ خفا ہو
القاب "مکرّمی" ہے کافی آداب۔ "دعا" خلوص دل کی
حالت اپنی تمھیں لکھوں کیا ہاں پوچھوں تمھاری خیر سلا

معلوم نہیں کہ حال کیا ہے — مجھ سے تمہیں کچھ ملال کیا ہے؟
کیا عیش و طرب میں مجھ کو بھولے — یا عزم سفر پہ میرے روٹھے؟
تم نے جو لکھا وہ سب بجا ہے — پر کیا کہوں حال میرا کیا ہے
عاجز اس نوکری سے میں ہوں — اے کاش نجات اس سے پاؤں
موقوف اسی پہ کچھ نہیں ہے — عزت کی بھی چاکری کہیں ہے
سمجھو ہے ملازمت غلامی — دونوں میں ہے سخت پائے بندی
آزادیِ دل کی جو ہے نعمت — ہو جاتی ہے اس میں آ کے رخصت
پھر کیا ہو یہ خاک مجھ کو مرغوب — حاشا کہ مجھے نہیں یہ مطلوب
خوش وقت، کہ بیڑیاں یہ ٹوٹیں — ہم قید سے اس کی جلد چھوٹیں
منظور جلا وطن بھی ہونا — تھوڑے دنوں گھر کا رونا رونا
منظور فراق اقربا ہے — اس درد کی گر یہی دوا ہے
احباب کی بھی جدائی منظور — کر لیں سب بے وفا بھی منظور
منظور وہ صحبت اجنبی ہے — غربت کی گوارہ بے کلی ہے

مجھ کو وہ بَرد و برف منظور　　کلفت منظور۔ صرف منظور

منظور نہیں ہے پر غلامی　　عاری مری جان اس عاری

تم جی میں کہو گے بات کیا ہے　　اِس شخص کو کیا یہ ہو گیا ہے

لیکن ذرا دل میں غور کر لو　　انصاف کو تھوڑی سی جگہ دو

گر ایک ہرن پکڑ کے پا لو　　یا جانور اور ہی کوئی ہو

اُس کو تم نعمتیں کھلاؤ　　شربت بھی قند کا پلاؤ

ٹھنڈا ٹھنڈا مکان بنا دو　　سونا چاندی اُسے پہنا دو

رکھو اُسے تم ہزار دل سے　　آرام کا سب خیال کر کے

لیکن پھر بھی وہ خوش نہ ہوگا　　اور چاہے گا مخلصی ہی پانا

گر قید میں ہیں تو عیش و راحت　　ہے جانوروں کو بھی قیامت

آزاد ملے اُنھیں جو رہنا　　فاقہ۔ لو۔ دھوپ ہو گوارا

جب قید میں جانور ہوں بسمل　　اِنسان کا اُس میں کیا لگے دل

اے دوست یہی ہے بات جس سے　　ہے شوق سفر کا دل میں میرے

ورنہ کیوں زحمتیں اُٹھاتا — لندن کا خیال بھی نہ لاتا
تم کہتے ہو شوقِ سیر و عشرت — لے جانے میں کر رہا ہے عجلت
اُلفت کسی نازنیں صنم کی — دل میں بے شبہ ہے سمائی
اور اُس کی ادائے بے حجابی — ہے تم کو اشاروں سے بلاتی
پیغام اُدھر سے کوئی لایا — لندن کی بہار پر دل آیا
چلتی ہیں ہوائیں ٹھنڈی ٹھنڈی — آتی ہیں گھٹائیں کالی کالی
پڑتی ہے پھوہار تھوڑی تھوڑی — کیسی ہے وہ دھوپ چھاؤں اچھی
تو شکنوں کے جمگھٹے ہیں — اور لوگ شراب پی رہے ہیں
گھونگر والے وہ بالوں والے — فیشن جن کے نئے نرالے
باریک کمر۔ ملیح صورت — سرخوش ز شراب عیش و عشرت
صحبت میں کشش یہ ہو نہیں کی — تم کو جانے کی ہے جو جلدی
یا ہند سے ہو گئے ہو بیزار — ہے دشت کی مثل اب یہ گلزار
خواہش اس سے نکلنے کی ہے — دھن تم کو سفر کی ہو گئی ہے

پڑھنے کا تو کرتے ہو بہانہ — لیجائے گا تم کو آب و دانہ
جو جو یہ خیال ہیں تمہارے — کوسوں ہیں دور راستی سے
یاں کس کو ہے شوق سیر و تفریح — یاں ہے ہوس صلوٰۃ و تسبیح
جان سوکھ گئی ہے درد و غم سے — چھلنی ہوا ہے جگر الم سے
سامانِ طرب و عیش کیا ہو — دل ہی جب غم میں مبتلا ہو
باور کرو اس کو یار میرے — خالی ہوا ہے یہ دل ہوس سے
ہاں شوق ضرور اس قدر ہے — دل سے لگی بات یہ مگر ہے
دنیا میں رہیں تو کام کر کے — دنیا چھوڑیں تو نام کر کے
کچھ کام کسی کے ہم بھی آئیں — آئے ہیں تو کچھ تو کر کے جائیں
زحمت تھوڑی اٹھا کے دیکھیں — قسمت کو آزما کے دیکھیں
ہمت جو ہم رہِ سفر ہے — آخر میں وسیلۂ ظفر ہے

بس ہو گیا ختم اس کا مطلب
رخصت چلو ہوتا ہے مشیر اب

November 1905

127, SUTHERLAND AVENUE,
LONDON

Extempore on the autograph book of Miss Rose Marcus :—

You ask me to write
An English verse, and that too bright
That, I am afraid I cannot do
And therefore write one in Urdu:—

نظم لکھنے کا آپ کا کہنا میں سر و چشم سے بجا لاتا
پر کروں کیا کہ دل ہے افسردہ گھر کے چھٹنے کا بھی ہے غم تازہ
ہاتھ شل کر رہی ہے یہ سردی دل کی حالت بھی کچھ نہیں اچھی
جب ہوں گا یہاں میں کچھ دن اور ہونگے تبدیل شاید اپنے طور
دل کو اُلفت کسی کی گرمائے ہاتھ پیروں میں جان آجائے
سر میں سودا ہو زلفِ پیچاں کا ہاتھ کنگن میانِ جاناں کا
نظم تب دل لگا کے میں لکھوں اپنے خود دل کا حال کہہ جاؤں

This book was taken from the Library on the date last stamped. A fine of 1 anna will be charged for each day the book is kept over time.

DATE | NO. | DATE